Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 15 پیر ، 29 اپریل 2024ء، 20 شوال المکرم 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 46

نجی اداروں کے اشتراک سے آکوپیشنل سیفٹی مہم شروع

کارخانوں، دفاتر، ورک پلیس پر سیفٹی کلچر کا شعور ضروری ہے، سیفٹی ایکٹ اور ٹریننگ کے ذریعے حادثات کو روکا جاسکتا ہے، آکوپیشنل سیفٹی ڈے منانے کا مقصد ورکرز کا ورک پلیس پر تحفظ کے عزم کا اعادہ کرنا ہے

ملازمین کے تحفظ کیلئے لیبر قوانین میں ترمیم لا رہے ہیں، ملازمین کی صحت اور حفاظت کی پروانہ کرنیوالی کمپنیوں کو جرمانے ہونگے، وزیراعلیٰ پنجاب

PRESS CLUB ISLAMABA

وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں منعقدہ میٹ دی پریس کی تقریب سے خطاب کررہی ہیں

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے کام کی جگہ پر حفاظت اور صحت کے عالمی دن پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آکوپیشنل سیفٹی ڈے منانے کا مقصد ورکرز کا ورک پلیس پر تحفظ کے عزم کا اعادہ کرنا ہے، پنجاب کے ہر ورکر کو صحت، بہبود اور حفاظت کیلئے پرعزم ہوں۔ نجی ٹی وی کے مطابق وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا اپنے پیغام میں مزید کہنا تھا کہ حکومت پنجاب نجی اداروں (بقیہ نمبر 21)

سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد انتظامیہ کا بڑا ٹاسک ہے، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کو گالم گلوچ بریگیڈ کی نہیں پنجاب کے 11 کروڑ عوام کی فکر ہے

پنجاب میں ایک ہفتے کے دوران سبزیوں کی قیمتوں میں کمی ہوئی،، وزیراطلاعات

لاہور (این این آئی) وزیراطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ سبزیوں اور پھلوں کی قیمتوں میں کمی واقع ہورہی ہے جو پنجاب کے تمام اضلاع کی انتظامیہ کی بہترین کارکردگی کا نتیجہ ہے، سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدرآمد کروانا انتظامیہ کا سب سے بڑا (بقیہ نمبر 22)

پاکستان کو نمایاں مشکلات کا سامنا ہے، ایم ڈی آئی ایم ایف

پچھلے چند سالوں کی مشکلات کے باوجود ترقی اور معیشت بہتر ہے، ہم نے ترقی کے تخمینوں کو اس سال کیلئے بہتر کیا ہے، کرسٹالینا جارجیوا

نیویارک (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) کی منیجنگ ڈائریکٹر کرسٹالینا جارجیوا نے کہا ہے کہ پہلی سہ ماہی میں چین کی کارکردگی توقعات سے بڑھ کر اچھی رہی، پاکستان کو نمایاں مشکلات کا سامنا ہے۔ (بقیہ نمبر 25)

سیکورٹی فورسز کا آپریشن انتہائی مطلوب دہشتگرد ہلاک

سنسنی خیز انکشافات، معراج ماما کی ریکی اور معلومات پر بی ایل اے سیکورٹی فورسز پر حملہ کرتی تھی، بی ایل اے

کراچی (اے ایف پی) پولیس نے لیاری کے علاقے سے انتہائی مطلوب کالعدم بلوچ لبریشن آرمی (بی ایل اے) کا دہشتگرد گرفتار کرلیا۔ ڈی آئی جی ساؤتھ اسد رضا کے مطابق گرفتار دہشتگرد کی شناخت معراج عرف ماما (بقیہ نمبر 24)

محمود خان اچکزئی کے وارنٹ گرفتاری معطل

جوڈیشل مجسٹریٹ کوئٹہ نے وارنٹ گرفتاری کو معطل کرکے سماعت 31 مئی تک ملتوی کردی

کوئٹہ (این این آئی) سرکاری اراضی قبضہ کیس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی کے وارنٹ گرفتاری معطل کردیے گئے۔ جوڈیشل مجسٹریٹ کوئٹہ نے وارنٹ گرفتاری کو معطل کرکے سماعت 31 مئی (بقیہ نمبر 23)

لاہور کی طرز پر اسلام آباد میں بھی صحافیوں کے لیے سوسائٹی بنے گی، میڈیا میری فیملی کی طرح ہے، میٹرو اسٹیشن کی میڈیا ٹاون تک رسائی کو بھی ممکن بنانا ہے

وزیراعلیٰ پنجاب کی نظر میں ”نہیں ہوسکتا“ کا لفظ نہیں، عظمیٰ بخاری

مریم نواز کیا پہن رہی ہیں، اس پر تنقید کی گئی، ان کی زبان درازی میں تبدیلی نہیں آرہی، ان کی تبدیلی گندے کلچر کے ساتھ چل رہی ہے، یہ نہیں چلے گا، ہم ملک کی معیشت کو بحال کرنے کی کوشش کررہے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کے خلاف ایسی زبان سے وزیراعلیٰ کے پی کے کی تربیت پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ نیشنل پریس کلب میں 'میٹ دی پریس' سے خطاب

راولپنڈی (حاجی ندیم سے): صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ڈکشنری میں ''نہیں ہوسکتا'' کا لفظ نہیں ہے، مریم نواز کے خلاف ایسی زبان سے وزیراعلیٰ کے پی کے کی تربیت پر سوالات اٹھ رہے ہیں۔ نیشنل پریس کلب میں 'میٹ دی پریس' سے خطاب کرتے ہوئے، عظمیٰ بخاری نے اپنے کہا کہ کے پی کے کو ایسے وزیراعلیٰ ملے جن کا حلیہ غنڈوں جیسا ہے، وزیراعلیٰ کے پی کے (بقیہ نمبر 29)

وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کا نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں عہدیداران اور میڈیا کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کا نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں عہدیداران اور میڈیا کے نمائندوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

وزیراطلاعات وثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری کو نیشنل پریس کلب اسلام آباد پہنچنے پر گلدستہ پیش کیا جارہا ہے

وزیراعظم سے صدر اسلامی ترقیاتی بینک ڈاکٹر محمد سلیمان الجاسر کی ملاقات

اسلام آباد (آئی آئی پی) وزیراعظم محمد شہباز شریف سے عالمی اقتصادی فورم کے خصوصی اجلاس کی سائیڈ لائنز پر صدر اسلامی ترقیاتی بینک ڈاکٹر محمد سلیمان الجاسر نے ملاقات کی۔ ملاقات میں اسلامی (بقیہ نمبر 27)

غیرقانونی تعمیرات میں ملوث مافیا کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ

لاہور میں میٹروپولیٹن کارپوریشن کے افسران کی مبینہ ملی بھگت سے غیرقانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے

لاہور (آئی آئی پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز نے غیرقانونی تعمیرات میں ملوث مافیا کے خلاف ایکشن لیتے ہوئے شہر میں جاری غیر قانونی تعمیرات کرنے والوں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا رپورٹس کے ذرائع کے مطابق میٹروپولیٹن کارپوریشن لاہور کا عملہ اپنے افسران کو گمراہ کرنے لگا، لاہور میں میٹروپولیٹن کارپوریشن (بقیہ نمبر 26)

ایس ایس پی رفعت بخاری کو ایکسی لینس ان پرفارمنس ایوارڈ ملنے پر مبارکباد

وزیراعلیٰ مریم نواز نے انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف ویمن پولیس ایوارڈ حاصل کرنیوالی خاتون ایس ایس پی کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا

پنجاب پولیس کی خاتون افسر نے پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کیا، رفعت بخاری جیسی بیٹیاں خواتین کیلئے مشعل راہ ہیں: مریم نواز شریف

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ایس ایس پی رفعت بخاری کو ایکسی لینس ان پرفارمنس ایوارڈ کیلئے منتخب ہونے پر مبارکباد دی ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف ویمن پولیس (IAWP) ایوارڈ حاصل کرنے والی ایس ایس پی کی پیشہ ورانہ خدمات کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ رفعت بخاری جیسی بیٹیاں خواتین کے لئے مشعل راہ ہیں۔ (بقیہ نمبر 28)

کسانوں کی گندم خریداری حوالے سے پنجاب حکومت کو ڈیڈ لائن

وزیراعظم کی جانب سے پاسکو ہدف بڑھانے کا خیرمقدم کرتے ہیں، سلطان جاوید

لاہور (اے ایف پی) پنجاب حکومت نے گندم خریداری سے متعلق تاحال کوئی فیصلہ نہیں کیا ہے جب کہ کسانوں نے اس حوالے سے حکومت کو (آج) تک (بقیہ نمبر 43)

وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود کالج آف فارمیسی کے زیراہتمام تقریب اسناد میں طالبہ کو ڈگری پیش کررہے ہیں

پنجاب میں بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والوں کے لیے فیملی پلاننگ ای واؤچر کا سکیل اپ

عالمی سطح پر، غریب اور کم تعلیم یافتہ خواتین میں ان کے امیر اور تعلیم یافتہ ہم منصبوں کے مقابلے میں ناپسندیدہ زرخیزی زیادہ عام ہے

بی آئی ایف پنجاب کے 14 اضلاع میں ای واؤچر ماڈل کو بڑھا رہا ہے، جن کی ضرورت پوری نہیں ہوئی ہے، سیکرٹری پنجاب پاپولیشن ویلفیئر سلمان اعجاز

لاہور (نمائندہ خصوصی) پنجاب پاپولیشن ویلفیئر کے سیکرٹری سلمان اعجاز نے بی آئی ایس پی کے فیملی پلاننگ ای واؤچر کے سلسلہ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ عالمی سطح پر، غریب اور کم تعلیم یافتہ خواتین میں ان کے امیر اور تعلیم یافتہ ہم منصبوں کے مقابلے میں ناپسندیدہ زرخیزی زیادہ عام ہے۔ صحت کی خدمات تک رسائی میں عدم مساوات کا مقابلہ کرنے کے لیے، واؤچرز خاندانی منصوبہ بندی سمیت تولیدی صحت کی مداخلتوں کے حصے کے طور پر ڈیمانڈ اور سپلائی سائیڈ فنانسنگ دونوں کے لیے ایک حکمت عملی کے (بقیہ نمبر 38)

CONTRACT
ING
FAM
E-V
BIS

پنجاب پاپولیشن ویلفیئر کے سیکرٹری سلمان اعجاز نے بی آئی ایس پی کے فیملی پلاننگ ای واؤچر کے سلسلہ میں منعقدہ سیمینار سے خطاب کررہے ہیں

بلوچستان میں رواں ماہ بارشوں سے 21 افراد جاں بحق، 25 زخمی ہوئے

کوئٹہ (آئی آئی پی) بلوچستان میں رواں ماہ بارشوں سے 21 افراد جاں بحق جبکہ 25 زخمی ہوئے۔ پی ڈی ایم اے کی رپورٹ کے مطابق 12 اپریل سے جاری بارشوں اور سیلابی صورتحال سے بارشوں سے سب سے زیادہ جانی نقصان چمن میں ہوا، طوفانی بارشوں اور سیلاب کے باعث 251 (بقیہ نمبر 45)

سچل تھانے کی حدود میں پولیس اہلکار آپس میں لڑ پڑے

ہیڈ کانسٹیبل کی فائرنگ سے ساتھی اہلکار جاں بحق ہوگیا

لاڑکانہ (آئی آئی پی) سندھ کے شہر لاڑکانہ میں سچل تھانے کی حدود میں پولیس اہلکار آپس میں لڑ پڑے، ہیڈ کانسٹیبل اظہر کلہوڑو کی فائرنگ سے ساتھی اہلکار ہیڈ محرر ممتاز بھٹو جاں بحق ہوگیا۔ متعلقہ تھانے کی پولیس نے جائے وقوعہ پر پہنچ کر ملزم اظہر کو سرکاری (بقیہ نمبر44)

پی ٹی آئی گروپنگ کا شکار، ہر گروہ کا اپنا بیانیہ ہے، شرجیل میمن

کراچی (اے ایف پی) پاکستان پیپلزپارٹی کے رہنما شرجیل انعام میمن نے کہا ہے کہ داخلی گروہ بندی کا شکار پی ٹی آئی کے اندر ہر گروہ کا اپنا بیانیہ ہے، پی ٹی آئی کا وزیراعلیٰ دہشتگردوں کی طرح اسلام آباد پر چڑھائی کی دھمکیاں دے رہا ہے، اسلام آباد پر قبضے کی دھمکی سے ثابت ہوگیا کہ پی ٹی آئی کے وزیراعلیٰ کے عزائم دہشتگردانہ ہیں، پی ٹی آئی ایک طرف اداروں کے خلاف مہم (بقیہ نمبر 31)

دِیر کالونی میں مزید ادھار نہ دینے پر دکاندار قتل، ملزم گرفتار

پولیس کے مطابق قتل میں ملوث ملزم عثمان عرف پٹاخہ کو گرفتار کرلیا گیا

کراچی (آئی آئی پی) شاہراہ نور جہاں کی حدود دِیر کالونی میں 60 سالہ غلام محمد کے قتل کا معمہ حل ہوگیا۔ پولیس کے مطابق قتل میں ملوث ملزم عثمان عرف پٹاخہ (بقیہ نمبر 30)

غیرضروری درآمد سے ملک میں گندم کا بحران آگیا، تاجر رہنما

ذخیرہ اندوز کوڑیوں کے مول گندم خرید رہے ہیں، کاشتکار دیوالیہ

اسلام آباد (پی این اے) تاجر رہنما اور اسلام آباد چیمبر کے سابق صدر شاہد رشید بٹ نے کہا ہے کہ لاکھوں ٹن گندم کی درآمد کے بعد بمپر کراپ کے نتیجہ میں ملک میں زبردست سرپلس پیدا ہوگیا ہے جس کی وجہ سے قیمتیں مسلسل گررہی ہیں اور کاشتکار دیوالیہ (بقیہ نمبر 32)

وزیراعلیٰ کا پیشگی حفاظتی اقدامات کا حکم

پنجاب میں مزید بارشیں متوقع

انتظامیہ اور واسا متحرک رہیں، نکاسی آب کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، ہدایت

نشیبی علاقوں کے عوام کو صورتحال سے پیشگی خبردار کیا جائے، میڈیا، سوشل میڈیا اور موبائل الرٹس سروس سے مدد لی جائے

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لاہور سمیت صوبے بھر میں طوفانی بارشوں کی پیشگوئی پر حفاظتی اور ضروری انتظامی اقدامات کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے 29 اپریل تک صوبے بھر میں بارشوں کے امکان پر پیشگی حفاظتی اقدامات کی ہدایات جاری کرتے ہوئے نکاسی آب کے لئے کمشنرز، ڈپٹی کمشنرز اور ایم ڈی واسا کو متحرک رہنے کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ (بقیہ نمبر33)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار نائب وزیراعظم مقرر

وزیر خارجہ اس وقت وزیراعظم کے ہمراہ سعودی عرب کے دورے پر ہیں

ریاض (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے وزیر خارجہ اسحاق ڈار کو نائب وزیراعظم مقرر کردیا، وزیراعظم نے اب سے کچھ دیر پہلے وزیر خارجہ اسحاق (بقیہ نمبر 39)

عمران خان اسٹیبلشمنٹ سے این آر او چاہتے ہیں جو انہیں نہیں ملنا، عظمیٰ بخاری

پہنچی وہیں پر خاک جہاں کا خمیر تھا، عمران خان کے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے بیان پر صوبائی وزیر اطلاعات کا ردعمل

مریم نواز کی 2 ماہ کی حکومت نے نتائج دینا شروع کردیئے ہیں، پنجاب میں آٹے کے تھیلے میں 8 سو روپے کی کمی ہوئی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ عمران خان اسٹیبلشمنٹ سے این آر او چاہتے ہیں جو انہیں نہیں ملنا۔ عظمیٰ بخاری نے نیشنل پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ 9 مئی کی برسی آنے والی ہے ایسا بدترین دن پاکستان کی تاریخ میں نہیں ہوسکتا، ایک سیاسی جماعت جب باہر نکلتی ہے پولیس والوں کے سر کھولے جاتے ہیں، 2012 (بقیہ نمبر 46)

ریاض: وزیراعظم محمد شہباز شریف ورلڈ اکنامک فورم کے خصوصی اجلاس کے موقع پر امیر کویت عزت مآب شیخ مشعل الاحمد الجابر الصباح سے ملاقات کررہے ہیں

مریم نواز سے متعلق متنازع بیان پر علی امین گنڈاپور کو ایک بار پھر تنقید کا سامنا

لاہور (اے ایف پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے متعلق ایک بار پھر متنازع بیان دینے پر وزیراعلیٰ خیبرپختونخوا علی امین گنڈاپور کو تنقید کا سامنا ہے، مریم نواز سے متعلق متنازع گفتگو کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہے۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں ایک صحافی نے علی امین گنڈاپور سے سوال پوچھا کہ وزیراعلیٰ پنجاب نے پنجاب پولیس کی یونیفارم پہنی ہے تو کیا آپ بھی پختونخوا پولیس کی یونیفارم (بقیہ نمبر 34)

حکومت سوشل میڈیا سے متعلق قانون سازی پر کام کررہی ہے

ن لیگ کی سابق اتحادی حکومت نے سوشل میڈیا سے متعلق کمیٹی بھی بنائی تھی، اعظم نذیر

اسلام آباد (اے ایف پی) وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ حکومت سوشل میڈیا سے متعلق قانون سازی پر کام کررہی ہے، انٹرنیٹ استعمال کرنے (بقیہ نمبر 40)

صوابی: پاک فوج کی جانب سے کیپٹن کرنل شیر خان شہید (نشان حیدر) کے مزار کی تعمیر نو اور تزئین وآرائش مکمل ہونے پر کور کمانڈر پشاور لیفٹیننٹ جنرل حسن پر پھول رکھ رہے ہیں

بارش کے دوران کمرے کی چھت گرنے سے 2 خواتین جاں بحق

باجوڑ (آئی آئی پی) باجوڑ میں بارش کے دوران کمرے کی چھت گرنے سے 2 خواتین جاں بحق اور 5 افراد زخمی ہوگئے۔ نجی ٹی وی کے مطابق خیبر پختونخوا کے مختلف میں بارشوں کا سلسلہ جاری ہے، محکمہ (بقیہ نمبر 48)

جنگی بنیادوں پر پاکستان میں سرمایہ کاری پر کام شروع کردیا ہے

اس حوالے سے جلد ہی ایک وفد پاکستان کا دورہ بھی کرے گا، سعودی عرب

ریاض (آئی آئی پی) سعودی عرب کا کہنا ہے کہ جنگی بنیادوں پر پاکستان میں سرمایہ کاری پر کام شروع کردیا ہے اور اس حوالے سے جلد ہی ایک وفد پاکستان کا دورہ بھی کرے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف سے مشیر شاہی دربار اور جنرل سیکرٹری سعودی پاکستان سپریم کوآرڈینیشن کونسل کی سربراہی میں وفد نے ملاقات کی جس میں باہمی دلچسپی کے (بقیہ نمبر 47)

کراچی، سپرہائی وے صنعتی ایریا میں ڈکیتی مزاحمت پر سیکورٹی گارڈ قتل

کراچی (اے ایف پی) کراچی میں سپرہائی وے صنعتی ایریا نورگوٹھ میں ڈکیتی مزاحمت پر سیکورٹی گارڈ کو قتل کردیا گیا۔ پولیس کے مطابق مقتول فیصل اور اس کا دوست ٹیکسٹائل مل سے واپس جارہے تھے۔ موٹرسائیکل سوار ملزمان نے انہیں روکا اور لوٹ مار کی۔ موبائل فون چھیننے کے بعد ملزمان (بقیہ نمبر36)

محسن نقوی کا لاہور شملہ پہاڑی میں نادرا سینٹر کا دورہ

شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیئے، شہریوں کی شکایات کا جلد ازالہ کیا جائے گا

میں نے سینٹر کا دورہ کرکے تمام حالات کا خود جائزہ لیا ہے، محسن نقوی

لاہور (اے ایف پی) وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کے لاہور شملہ پہاڑی میں نادرا سینٹر کے دورہ پر شہریوں نے شکایات کے انبار لگا دیئے۔ وفاقی وزیرداخلہ محسن نقوی کی آمد پر نادرا سینٹر میں شدید رش نظر آیا، وفاقی وزیر نے شہریوں کی شکایات پر سٹاف کی (بقیہ نمبر 35)

جمرود کے 4 طالبعلموں کو اغوا کے بعد پڑوسی ملک لے جانے کا انکشاف

پشاور (آئی آئی پی) سی پی او پشاور نے بتایا کہ جمرود میں 4 طلبا کو اغوا کیا گیا جس کے بعد دہشتگرد نے چاروں طلبا کو پڑوسی ملک افغانستان منتقل کرکے کالعدم تنظیم میں شامل ہونیکی ترغیب دی گئی۔ نجی ٹی وی کے مطابق سی پی او نے بتایا کہ 2 طلبا کو (بقیہ نمبر 50)

سٹارز آف چوآ سیدن شاہ کے نام سے پری میٹرک کوئز ٹیسٹ کا انعقاد

چھ سو سے زائد طلبا وطالبات نے حصہ لیا، ریڈینٹ ہائی سکول کی طالبہ نایاب فاطمہ نے پہلی

چوآ سیدن شاہ (خاور شہزاد سے) پنجاب کالج آف ڈھڈہ کوٹ کیمپس چوآ سیدن شاہ میں ہر سال کی طرح امسال بھی سٹارز آف چوآ سیدن شاہ کے نام سے پری میٹرک کوئز ٹیسٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں مجموعی طور پر چھ سو سے زائد طلبا وطالبات نے حصہ لیا جن میں پنجاب بھر میں پیف کے زیرانتظام چلائے جانے والے پچھتر سو سے زائد سکولوں میں (بقیہ نمبر 49)

گیس چوری کے خلاف کریک ڈاؤن کا سلسلہ جاری

گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 612 گیس کنکشن منقطع کردیے

سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 13 گیس کنکشن منقطع کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 612 گیس کنکشن منقطع کردیے۔ جبکہ 2 کروڑ 3 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 13 گیس کنکشن منقطع کیے مزید ٹیم نے 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 13 گیس کنکشن منقطع جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 2 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے پشاور میں میٹر سے چھیڑ چھاڑ، گیس کے براہ راست استعمال، غیر قانونی کنکشن پر 36 گیس کنکشن منقطع کیے اور 12 لاکھ 90 ہزار (بقیہ نمبر37)

سماجی شخصیت وشہنشاہِ اعزازات راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کا ایثار

گاؤں ڈنڈوت کی 48 غریب اور مستحق بچیوں کی شادی کیلئے 12 لاکھ روپے عطیہ کردیئے

چکوال (خاور شہزاد) معروف سماجی شخصیت وشہنشاہِ اعزازات راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کا ایثار، اپنے گاؤں ڈنڈوت کی 48 غریب اور مستحق بچیوں کی شادی کیلئے 12 لاکھ روپے عطیہ کردیئے، اس سلسلہ میں ڈنڈوت میں ایک پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت نے 48 غریب بچیوں کی شادی کیلئے ان کے والدین (بقیہ نمبر 41)

گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والے ہمارے خلاف پراپیگنڈہ بند کریں

ہم سرمایہ داروں سے دیہاڑیاں سیدھی کرنے کے قائل نہیں، چوہدری نواز سمور

پنڈ دادنخان (سرفراز عباس سے) گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والے ہمارے خلاف پراپیگنڈہ بند کریں ہم سرمایہ داروں سے دیہاڑیاں سیدھی کرنے کے قائل ہیں اور نہ ہی منافقت کی سیاست ہمارا منشور ایسے نوسربازوں کو بھی جانتا ہوں جو مسلم لیگ (ن) سے بھی ہمدردیاں قائم رکھتے رہے اور عمران خان کے وزیراعظم منتخب ہونے پر (بقیہ نمبر 42)

ڈیرہ بگٹی، بوٹ پالش کرنے والے ننھے گلوکار طارق کی آواز نے دھوم مچادی

ڈیرہ بگٹی (آئی آئی پی) بلوچستان کے علاقے ڈیرہ بگٹی کے رہائشی بوٹ پالش کرنے والے ننھے گلوکار طارق کی آواز نے دھوم مچا دی۔ ڈیرہ بگٹی کے علاقے سوئی سے تعلق رکھنے والے ننھے گلوکار طارق کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوئی ہے، اس ویڈیو میں اپنی آواز کا جادو جگانے کے ساتھ ساتھ طارق نے اپنے تعلیمی اور گھریلو اخراجات کے لیے (بقیہ نمبر 51)

پاکستان پیپلزپارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور رکن قومی اسمبلی بی بی آصفہ بھٹو زرداری زرداری ہاؤس میں پی پی پی شعبہ خواتین کی مرکزی صدر فریال تالپور کی سالگرہ کا کیک کاٹ رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
Daily Awami Lalkaar
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

اشاعت خاص

ثمن رائے ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر

محکمہ بہبود آبادی کا تھیٹر کے ایک ناقابل فراموش تجربے کا آغاز

محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کا تیار کردہ فکر انگیز تھیٹر ڈرامہ "ملتے ہیں وقفے کے باد" سٹیج پر پیش



تحریر۔ محمد ناظم الدین

باصلاحیت فنکاروں کی دلکش لائیو میوزیکل پرفارمنس پر حاضرین کی داد تحسین

ہونہار طلباء نے شاندار اور تخلیقی صلاحیتوں اور پوری لگن سے ڈرامہ پیش کیا

میڈیا مواصلاتی ٹولز میں چینلز کسی بھی مواصلاتی رسائی کے لئے اہمیت کا باعث

ذرائع ابلاغ کو ہمیشہ مذہبی، ثقافتی اور معاشرتی اصولوں اور طریقوں کے لیے ستعمال کیا گیا

تیار کردہ ڈراموں میں نوجوان اور نوبیاہتا جوڑوں کو درپیش مسائل اور حکومتی خدمات بارے آگاہی

جدید سائنسی و مواصلاتی دور میں بڑے پیمانے پر میڈیا مواصلاتی ٹولز جن میں ٹیلی ویژن و دیگر چینلز کسی بھی مواصلاتی رسائی کے لئے اہمیت کے حامل ہیں۔ پاکستان میں قومی ٹی وی کے ہفتہ وار ناظرین کی تعداد 76.2 فیصد ہے جس میں سب سے بڑا حصہ عوامی چینلز کا ہے۔ پاکستان میں ذرائع ابلاغ کو ہمیشہ مذہبی، ثقافتی اور معاشرتی اصولوں اور طریقوں کو دکھانے کے لیے مؤثر طریقے سے استعال کیا گیا ہے۔ سماجی اور رویے کی تبدیلی پر ذرائع ابلاغ کے اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے PPIF نے پرائیویٹ پروڈکشن کے ساتھ ساتھ دیگر تعلیمی اداروں نے خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات اور خدمات کے گرد سماجی بدنامی کو دور کرنے کے لیے ڈراموں کے ذریعے عوام کو زیادہ آبادی کے نقصانات اور چھوٹے خاندان کی اہمیت و افادیت بارے آگاہی دینے فیصلہ کیا ہے۔ ڈراموں کے ذریعے زندگی کے مختلف شعبے جن میں بچوں کی شادیاں، خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں سماجی بدنامی اور خاص طور پر نوجوان اور نوبیاہتا جوڑوں کے لیے خدمات، خرافات اور غلط فہمیاں کو عوامی سطح پر اجاگر کیا جائے گا۔ مانع حمل کے استعمال، ماں اور بچے کی صحت، شوہروں، سسرال والوں کا کردار، نوجوان لڑکیوں کی زندگیوں میں مذہب اور تعلیم سے وابستہ ہیکم عمری کی شادی بچیوں کی ذہنی اور جسمانی صحت دونوں کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتی ہیں ہے۔ بلوغت کی عمر بچیوں کی زندگی کا نازک ترین دور ہوتا ہے جس میں کسی قسم کا صدمہ، بیماری یا کمزوری ان بچیوں کے لئے شدید مشکلات کا باعث بنتی ہے۔ ڈرامہ سیریل میں کم عمر میں بچوں کی شادیاں، خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں سماجی بدنامی اور خاص طور پر نوجوان اور نوبیاہتا جوڑوں کے لیے خدمات، خرافات اور غلط فہمیاں شامل بارے آگہی فراہم کی جائے گی۔

اس سلسلہ میں پولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے کی زیر نگرانی میں لاہور الحمرا آرٹس کونسل میں فکر انگیز تھیٹر ڈرامہ "ملتے ہیں وقفے کے باد" پیش کیا۔ ڈرامہ کا موضوع صوبہ میں



تیزی سے آبادی میں اضافہ اور اس سے پیدا ہونے والے مسائل بارے آگاہی فراہم کی گئی۔ ڈرامہ کو باصلاحیت فنکاروں کی ایک دلکش لائیو میوزیکل پرفارمنس سے کیا گیا۔ مرکزی اداکاری کا مظاہرہ یونیورسٹی آف سنٹرل پنجاب کے ہونہار طلباء نے اپنی شاندار صلاحیتوں اور تخلیقی صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے پوری لگن سے ڈرامہ کو حاضرین کے سامنے پیش کیا۔ ڈرامہ کا اسکرپٹ آزاد تھیٹر نے تیار کیا تھا۔ جس سے ان کی بصیرت انگیزی نے عصر حاضر میں معاشرتی مسائل اور خاندانی منصوبہ بندی کی اہمیت کی ایک زبردست تحقیق فراہم کی۔ گرین سٹار سوشل مارکیٹنگ کے سی ای او ڈاکٹر سید عزیز الرب نے تقریب کے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ ڈاکٹر عزیز الرب نے طلباء کی کاوشوں کو سراہا اور اس اہم کردار پر زور دیا جو تھیٹر خاندانی منصوبہ بندی کے بارے میں آگاہی کو فروغ دینے میں ادا کرتا ہے۔ انہوں نے ڈرامہ کے کرداروں کی باخبر فیصلہ سازی اور صحت مند کمیونٹیز کے لیے باہمی تعاون کی کوششوں کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے اختتام سے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی ڈائریکٹر جنرل ثمن رائے نے سماجی مقاصد کے لیے ان کی غیر متزلزل وابستگی کے لیے تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ صوبے بھر میں تولیدی صحت اور خاندانی بہبود کے فروغ کے لیے محکمے کی جاری کوششیں لوگوں میں چھوٹے خاندان کی اہمیت کو اجاگر کر رہی ہیں۔ آخر میں ڈرامہ کے کرداروں میں بہترین پرفارمنس پر سرٹیفکیٹ تقسیم کیے گئے۔

محکمہ بہبود آبادی و پنجاب پاپولیشن انوویشن فنڈ نے خواتین کو خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات اور معلومات کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے تربیت یافتہ خواتین کا نیٹ ورک متعارف کروایا ہے جو کمیونٹی بیسڈ فیملی پلاننگ ماڈل کے طور پر لانچ کیا گیا جو ابتدائی سطح پر ہی کامیابی سے ہمکنار ہوا ہے۔ پی پی آئی ایف نے خواتین کو خاندانی منصوبہ بندی کے بارے مشاورت اور صحت کی خدمات کو بہتر بنا کر اسے پسماندہ طبقات کے گھروں کی دہلیز تک ان سہولیات کی فراہمی کو ممکن بنا دیا ہے۔

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کو دیگر محکموں کیلئے رول ماڈل بنانے اور دیگر صوبوں کو اس کی مثالی تقلید بناتے ہوئے انقلابی اقدامات سلسلہ میں محکمہ بہبود آبادی کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کے لئے پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی معاونت سے تمام فراہم کردہ خدمات کے ڈیٹا کو ڈیجیٹلائز کر کے ڈیش بورڈ کے مربوط نظام سے منسلک کیا جائے گا تا کہ دستی نظام کو بہتر بنا کر ورک فلو میں تبدیلی لا کر مستقبل کیلئے بہتر اقدامات کا مظاہرہ کیا جا سکے۔ شفافیت، احتساب اور کارکردگی کے ساتھ یہ اقدامات صوبے میں ڈیجیٹل گورننس کے ایک نئے دور کا آغاز کریں گے۔ حکومت پنجاب اور پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کی سربراہی میں اس اقدام کا مقصد عمل کو ہموار کرنا، شفافیت کو بڑھا کر محکمے میں خدمات کی فراہمی میں کارکردگی کو بہتر بنانا ہے۔ پی آئی ٹی بی کی معاونت سے تیار کردہ پروجیکٹ محکمہ بہبود آبادی کو درپیش دیرینہ چیلنجز جیسے کہ دستی عمل، جوابدہی کی کمی اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک محدود رسائی میں معاون ثابت ہو گا۔ پروجیکٹ کے اہم اجزاء میں سے ایک انٹرپرائز ریسورس پلاننگ حل کا نفاذ ہے جو پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کی خاص ضروریات کے مطابق بنایا گیا ہے۔ یہ جامع نظام عمل کو خودکار بنانے، ریکارڈز کو ڈیجیٹائز کرنے، ہیڈ کوارٹر اور فیلڈ دونوں سطحوں پر آپریشنز میں مددگار ثابت ہو گا۔ مزید یہ کہ اس منصوبے میں کئی اختراعی خصوصیات شامل ہیں جن کا مقصد عوامی مشغولیت اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات تک رسائی کو بہتر بنانا ہے۔ ان میں ایک پبلک کنسلٹیشن سروس شامل ہے جو افراد کو ایک مخصوص موبائل ایپلیکیشن کے ذریعے گمنام طور پر فیملی پلاننگ کنسلٹنٹس سے مشورہ لینے کی اجازت ہو گی اور اطمینان کا اندازہ لگانے اور سروس کے معیار کو بہتر بنانے کے لیے کلائنٹ فیڈ بیک میکانزم، سروس انتظامی عمل کو مضبوط بنانے پر توجہ، مالیاتی انتظام، فائل مینجمنٹ، اور حاضری کی نگرانی کو ڈیجیٹائز کرنے پر مرکوز کرے گا۔ ان تمام عمل سے محکمے کی کارکردگی، جوابدہی، اور فیصلہ سازی کو بہتر بنایا جا سکے گا۔ اس پراجیکٹ کو صوبائی ترقی کی حکمت عملی کے ساتھ منسلک کیا گیا ہے، جس میں انسانی سرمائے اور پائیدار ترقیاتی کے اہداف کے حصول پر زور دیا گیا ہے۔ اچھی صحت، خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی کوریج پر اثرات اور ڈیلیوری کو بڑھانے کے علاوہ، پروجیکٹ مانع حمل کی شرح میں بہتری کے ذریعے پنجاب کے لوگوں کی فلاح و بہبود میں نمایاں کردار ادا کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شفافیت، احتساب اور کارکردگی کے اقدامات صوبے میں ڈیجیٹل گورننس کے ایک نئے دور کا آغاز کریں گے۔ اس منصوبے کے کامیاب نفاذ سے پاپولیشن ویلفیئر ڈپارٹمنٹ کو جدید، موثر عوامی خدمات کی فراہمی کے ماڈل میں تبدیل کرنے کے خواب کی تعبیر ممکن ہو جائے گی۔

آج کے دور میں میڈیا کو عوام میں چھوٹے خاندان کی اہمیت وافادیت بارے آگاہی وقت کی ضرورت بن گیا ہے۔ بہت جلد پھیلتی آبادی کو کنٹرول کے لئے مایہ ناز جرنلسٹ، محقق اور دانشوروں کی بہبود آبادی میں وقت کی مناسبت سے ان کی رائے اور تجاویز کو تیار کرنے کے لئے تھنک ٹینک کے تصور کو عملی جامہ پہنایا جا رہا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ نوجوان طلباء اور نوبیاہتا جوڑوں کو چھوٹے خاندان کے فوائد بارے مختلف طریقوں سے آگاہی دی جائے۔ عالمی سطح پر خاندانی منصوبہ بندی کے جدید طریقوں کے ذریعے مردوں اور خواتین میں خاندانی منصوبہ بندی اپنانے کی یکساں شرح کو ممکن بنانے کیلئے امید افزاء اقدامات عمل میں لائے گئے ہیں۔ سماجی و ثقافتی رکاوٹوں کا خاتمہ یقینی بنانے کیلئے خاندانی منصوبہ بندی سے متعلق پروگراموں میں مردوں کی شمولیت ناگزیر ہے۔ اس سلسلے میں مردوں اور عورتوں تک کمیونٹی ورکرز اور ٹیلی ہیلتھ کے ذریعے معلوماتی چینلز کے فروغ سے ان تک رسائی کے حصول کو ممکن بنا کر انہیں ایک نیٹ ورک کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کی فراہمی کو مؤثر بنا دیا گیا ہے۔ آبادی کا رجحان اور رویے آبادی میں تیزی کے تناسب کی مثل تیز رفتاری کا شکار ہیں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ وقت اور ضرورت کے مطابق رویئوں میں مثبت تبدیلیوں کے لیے مل کر کوشش کی جائے۔ پنجاب گروتھ اسٹریٹجی میں انحصار کے تناسب میں کمی کا تصور کیا گیا ہے جو روزگار کی بڑھتی ہوئی ضروریات اور بااختیار بنانے کے لیے اہم ہے۔ لاجسٹک مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم کے ذریعے مسلسل اور بلا تعطل سپلائی چین مینجمنٹ کو یقینی بنا دیا گیا ہے۔ گاؤں کی سطح پر کمیونٹی بیسڈ ورکرز کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی کی معلومات تک رسائی کے ذریعے ایسے جوڑوں کے پاس جا رہی ہے جن میں مانع حمل کی ضرورت نہیں ہے۔ خاندانی منصوبہ بندی سے متعلقہ تمام سہولیات کی فراہمی کے بہتر طریقہ کار کو یقینی بنایا گیا ہے۔ صحت مند وقت اور حمل کے وقفہ (HTSP) پر توجہ مرکوز کرنے والی مواصلاتی حکمت عملی اور طرز عمل میں تبدیلی مواصلات حکومت کا ایک اقدام ہے۔

بقیہ 1

تھی کہ مخبر خاص نے اطلاع دی کہ ایک شخص آدم جی شادی ہال وارڈ نمبر 27 جنڈا کے عقب میں ایک پلاٹ حویلی میں سامان آتش بازی کافی مقدار میں موجود ہے جسکو راشد نامی شخص کسی دیگر جگہ سامان کو منتقل کرنے کی تیاری میں ہے اگر فوری ریڈ کیا جائے تو پکڑا جاسکتا ہے مخبر کی اس اطلاع کو معقول جانتے ہوئے ہمراہی ملازمین پر مشتمل ریڈنگ پارٹی تشکیل دیکر بوقت 6 / 10 بجے شام جائے متذکرہ پہنچا تو ایک شخص جس کا بعد میں نام و پتا محمد راشد ولد محبوب احمد ساکن جھنڈ وارڈ نمبر 27 گوجرخان معلوم ہوا کو قابو کیا جسکے پاس موجود 70 کاٹن، توڑے 38 برآمد ہوئے پڑتال کاٹن کرنے پر 15 کاٹن پھولجڑی چھوٹی کل 2820 عدد 40 کاٹن میں پھولجڑی بڑی کل 5760 عدد جہاز چرخی 15 کاٹن میں کل 51840 عدد جبکہ 3 توڑے انار میں کل 360 عدد، 15 توڑے سٹک کل 2160 عدد 5 توڑے کیک شوٹر 120 ڈبے، 15 توڑے ہوائی کل 7500 عدد برآمد ہوئے جبکہ ملزم نے دوران تفتیش مختلف علاقوں میں آتش بازی کا سامان سپلائی کرنے کا انکشاف کیا ایس پی صدر محمد نبیل کھوکھر کی ایس ایچ او گوجرخان اور پولیس ٹیم کو شاباش دی اور کہا آتش بازی کے ذریعے شہریوں کی جانیں خطرے میں ڈالنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے ایس ایچ او ملک کاشف نے کہا گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کرکے سزایاب کروایا جائے آتش بازی کا سامان فروخت کرنا اور آتش بازی کرنا خلاف قانون عمل ہے جسکی ہرگز کسی کو اجازت نہیں دی جائے گی

بقیہ 2

ایس پی راول فیصل سلیم نے کہا کہ اشتہاری مجرمان اور انکے سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گے۔

بقیہ 3

بچوں کے چچا کی مدعیت میں اقدام قتل کی ایف آئی آر درج کر کے ملزم کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کر دیا۔ جہلم پولیس حکومت پنجاب کے ویژن اور انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی ہدایات کی روشنی میں بچوں پر تشدد کے خلاف زیرو ٹالیرینس پالیسی پر عمل پیرا ہے۔ ڈی پی او جہلم نے ایس ایچ او ڈومیلی اور ٹیم کو شاباش دی۔

بقیہ 4

علاقہ تلسہ روڈ سے خاتون سکول ٹیچر سے پرس چھین کر فرار ہوگیا تھا، واقعہ کی اطلاع پر سول لائنز پولیس نے فوری مقدمہ درج کیا، ایس ایس پی آپریشنز نے ملزم کی گرفتاری کے لیے ایس پی پوٹھوہار کی سربراہی میں خصوصی ٹیمیں تشکیل دیں، پولیس نے جدید ٹیکنالوجی، ہیومن انٹیلی جنیس اور سی سی ٹی وی فوٹیجز سے ملزم عثمان کو ٹریس کر کے گرفتار کیا، ملزم سے چھینا گیا پرس، نقدی 6000 روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل برآمد ہوا، ایس ایچ او سول لائنز اور لیڈی پولیس آفیسر نے برآمد کیا گیا پرس اور نقدی 6000 روپے سکول ٹیچر کے حوالے کی۔ خاتون سکول ٹیچر نے وزیر اعلی پنجاب، آئی جی پنجاب اور راولپنڈی پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 5

کی کوششوں پر ہونیوالی پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے مشنز کے سربراہان کے ساتھ آن لائن اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ ترکیہ، ملائیشیا، متحدہ عرب امارات، قطر، کویت کی جانب سے اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ میں خصوصی دلچسپی اور پیرس، سپین، جرمنی، برطانیہ اور سوئٹزرلینڈ کے معروف ایئرپورٹ آپریٹرز نے بھی مثبت دلچسپی ظاہر کردی۔ ترجمان سول ایوی ایشن اتھارٹی کے مطابق بیرون ملک پاکستان مشنز کے ذریعے عالمی مارکیٹ میں ایئرپورٹ آؤٹ سورسنگ کی کوششوں کے حوالے سے جائزہ اجلاس ہوا، بعدازاں ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ پر سٹیئرنگ کمیٹی کی 9ویں میٹنگ ہوئی۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے پاکستان ایمبسیز /مشنز کے سربراہان /سفیروں کے ساتھ آن لائن میٹنگ کی، سیکرٹری ایوی ایشن /ڈی جی سی اے اے نے اس حوالے سے پیش رفت کا جائزہ پیش کیا، اجلاس میں ہوائی اڈوں پر سروس کے معیار کی بہتری کے لیے عالمی کنسلٹنٹس کے تیار کردہ (کے پی ائی) اور بنچ مارکس کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وزیر خارجہ نے (آئی ایف سی) کو لاہور اور کراچی ایئرپورٹ آؤٹ سورسنگ کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت کی، آئی ایف سی کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کار اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ کی بولی کے عمل میں گہری دلچسپی ظاہر کر رہے ہیں۔

بقیہ 6

ہے، مورخہ 20 اپریل 2024 کو تھانہ انڈسٹریل پولیس کو ایک نامعلوم خاتون کی نعش ملی جس کی بعد میں شناخت کنول کے نام سے ہوئی، جس کو نامعلوم ملزم نے اسلحہ آتشین سے سر میں فائر مار کر قتل کیا تھا، پولیس نے نعش کو بعد از پوسٹمارٹم ورثاء کے حوالے کر دیا، پولیس نے فوری مقدمہ نمبر 350 مورخہ 20 اپریل 2024 کو درج رجسٹر ڈ کر کے تفتیش شروع کردی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے وقوعہ کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے اس میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے احکامات جاری کیے، تھانہ انڈسٹریل اور ہومی سائیڈ پولیس نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے اس سنگین نوعیت کے وقوعہ میں ملوث ملزم نعیم خان کو گرفتار کرلیا، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے اسلحہ آتشین سے فائر مار کر قتل کرنے کا انکشاف کیا، گرفتار ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 7

افسران کی طرف سے ٹریفک روانی کو یقینی بنانے پر شاباش دی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی اتوار کے روز بھی فیلڈ میں موجود رہے اور افسران کو مختلف امور پر ہدایات بھی جاری کیں، آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس کے مختلف ناکہ جات کا دورہ کیا اور پولیس افسران کو اپنے فرائض منصبی کی بہتر انجام دہی کو یقینی بنانے کیلئے خصوصی احکامات جاری کیے، انہوں نے ٹریفک سٹاف سے بھی ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی کو بحال رکھنے اور شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت کی، ملاقات کے دوران آئی جی اسلام آباد ڈیوٹی پر مامور پولیس افسران کے ساتھ گھل مل گئے اور بارش میں ٹریفک افسران کی طرف سے ٹریفک کی روانی کو یقینی بنانے پر انہیں شاباش دی اور انکے لئے انعامات کا اعلان بھی کیا، اسی کے ساتھ سنٹرل پولیس آفس میں بھی اہم معاملات پر میٹنگز کا انعقاد کیا، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ ہم دن رات ہفتے کے ساتوں دن جاگیں گے تاکہ شہر میں امن قائم رہے، ہماری اولین ذمہ داری شہریوں کی جان و مال کا تحفظ ہے۔

بقیہ 8

کی پیشہ ور بھکاریوں اور نوعمر لڑکیوں کے معاملے پر پراسرار خاموشی کی وجہ سے شہر اور گردونواح میں ان کی بہتات ہو چکی ہے، جو کہ روز بروز بڑھتی جا رہی ہے یہ پیشہ ور بھکاری جن میں عورتیں، بوڑھے، بچے اور ہٹے کٹے نوجوان شامل ہیں، جن کی اکثریت دوسرے شہروں سے آتے ہیں سفید پوش طبقہ کسی کے آگے ہاتھ بھی نہیں پھیلا سکتا مگر اس کے برعکس شہر بھر میں گداگروں کی بہتات ہو چکی ہے جو ٹولیوں کی صورت میں رات گئے تک بھیک مانگتے نظر آتے ہیں یہ پیشہ ور بھکاری اتنے ڈھیٹ ہیں کہ بازار میں شاپنگ کے لیے آنے والے خواتین و حضرات کے پیچھے لگ جاتے ہیں اور انہیں پریشان کرتے ہیں جبکہ نوعمر برقعہ پوش لڑکیاں بھیک، مسواک فروخت کرنے کی آڑ میں نابالغ لڑکوں کو اپنی طرف مائل کر کے انکو براہ روی پر ڈال رہی ہیں جو قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کارکردگی پر سوالیہ نشان بارہا سوشل میڈیا پر انکی توجہ مبذول کروانے کے باوجود کارروائی نہ ہونا کہیں سوالات کو جنم دے رہا ہے یا تو انکی آشیر باد سے یہ سب کچھ ہو رہا ہے اور ان سے اپنا حصہ وصول کر کے انکو فری ہینڈ دیا گیا ہے یہ لوگ کئی قسم کے معاشرتی جرائم کا بھی باعث بنتے ہیں اور چوری راہزنی منشیات کی خرید و فروخت کرنے اور مبینہ طور پر بچوں کو اغوا کرنے سمیت دیگر جرائم میں ملوث ہوتے ہیں اس سلسلے میں پنجاب میں بھکاریوں کے خلاف گرینڈ آپریشن ہوئے مگر گوجرخان میں انکو کھلی چھٹی دے دی گئی ہے اس تمام صورتحال میں محکمہ سوشل ویلفیئر سمیت تمام متعلقہ ادارے اور انتظامیہ خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے اور کسی قسم کی کارروائی کرنے سے گریزاں ہے جس کی وجہ سے آئے روز انکی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے عوامی سماجی حلقوں نے وزیر اعلی پنجاب راولپنڈی پولیس انتظامیہ سمیت نوتعینات ایس ایچ او تھانہ گوجرخان ملک کاشف سے بھکاریوں سمیت ان خوبرو حسیناؤں کے خلاف کارروائی کرنے اور سب کو علاقہ بدر کرنے کا مطالبہ کردیا

بقیہ 9

کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے منشیات اسمگلنگ میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزم کے قبضہ سے 1 کلو 10 گرام آئس اور 282 گرام چرس برآمد کر لی گئی، گرفتار ملزم کی شناخت محمد سلیمان کے نام سے ہوئی ہے، ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے

بقیہ 10

کے ایس ایچ اوز کو روزانہ شام 4 سے 6 بجے تک اپنے تھانے میں موجودگی کو یقینی بنانے کی ہدایات جاری کیں، اس کے ساتھ اس اقدام کو یقینی بنانے کیلئے تمام ایس ایچ اوز کی ان اوقات میں سیف سٹی سے منسلک کیمروں سے نگرانی کی جائے گی، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ پولیس افسران کا بائیومیٹرک کے ذریعے حاضری کا جائزہ بھی لیا جائے گا، جبکہ پبلک سروس ڈیلیوری میں کوئی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے مزید کہا کہ اس اقدام کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان روابط کو بڑھاتے ہوئے دوریاں کو ختم کرنا ہے اور شہریوں کو درپیش مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنا ہے۔

بقیہ 11

سے خصوصی بریفنگ بھی دی، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد نے افسران کو ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ شہر میں زیادہ رش کے اوقات میں چالان نہیں کیا جائے اور ٹریفک کی بلا رکاوٹ روانی کو یقینی بناتے ہوئے شہریوں کو ہر ممکن سفری سہولیات فراہم کی جائیں، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں سے شائستگی اور اچھا رویہ اپناتے ہوئے روڈ پر ہر ممکن مدد کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے، تمام افسران کا کسی بھی موٹر سائیکل یا گاڑی کو تھانہ میں بند کرنے سے پہلے اپنے زونل ٹریفک ڈی ایس پی سے اجازت لینا لازم ہوگا، شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی سے متعلق آگاہی فراہم کی جائے، ڈرائیورز کو چالان ٹکٹس کم سے کم اور آگاہی کے ساتھ مدد کرنے کے عمل کو تیز کیا جائے تا کہ شہریوں کو ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے حوالے سے آگاہی حاصل ہو اور شہر کو حادثات سے پاک رکھا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ ہمارا مقصد چالان کرنا نہیں بلکہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اور بلا رکاوٹ ٹریفک کو رواں دواں رکھنا اولین ترجیح ہے، قانون کی بالادستی کو مساوی بنیادوں پر یقینی بنانے کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں اور ٹریفک کے بہاؤ کو بلا رکاوٹ یقینی بنا کر عوام کا اعتماد و تعاون حاصل کیا جا سکے۔

بقیہ 12

انہیں اعزازی پولیس شیلڈز پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر ولایت، انسپکٹر پرویز، انسپکٹر امجد فاروق، انسپکٹر محمد اسلم، ہیڈ کانسٹیبل راجہ گلستان، ہیڈ کانسٹیبل عبدالغفور، ہیڈ کانسٹیبل عاصم محمود، ہیڈ کانسٹیبل محمد اسلم اور کانسٹیبل اسد محمود کے اعزاز میں سپریم کورٹ بلڈنگ میں پروقار الوداعی تقریب منعقد کی گئی، تقریب میں ایس پی، جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقعہ پر ڈی ایس پی، سپریم کورٹ اور دیگر سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے، اس موقع پر مہمان خصوصی نے ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریٹائرمنٹ سروس کا حصہ ہے، جس نے نوکری شروع کی وہ ایک دن ریٹائرڈ بھی ہوگا، آپ نے ایک لمبا عرصہ محکمہ پولیس کی خدمت کی ہے، اب محکمے کو آپ کی خدمت کرنے کی ضرورت ہے، دوران سروس ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ کچھ ایسے کارنامے سرانجام دیے جائیں جن سے آپ کا نام روشن ہو اور آپ کے کردار کو اچھے الفاظ میں یاد رکھا جائے، ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیے کہ سروس کے دوران زیادہ سے زیادہ عوامی خدمت کر کے اللہ کی خوشنودی حاصل کی جائے

بقیہ 13

ہوئے انہوں نے کہا کہ 2003 میں سعودی عرب میں جب میں تھا تب مجھے کینسر ہو گیا تھا، مجھے نیو یارک لے جایا گیا اور میرا آپریشن کیا گیا، تب مجھے ہزاروں ڈالر دے کر علاج کروانا پڑا تھا، اس وقت میں نے سوچا کہ میرے ملک کے کتنے لوگ اس طرح کا علاج کروانے کے قابل ہیں؟ پھر میں پاکستان آیا اور وزیر اعلیٰ پنجاب منتخب ہو گیا، تب ہم نے پنجاب میں گردے، جگر اور کینسر کے لیے ہسپتال بنائے، ہمارے ملک کے بہت سارے افراد مہنگا علاج معالجہ برداشت نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ آج کا سب سے بڑا مسئلہ عالمی عدم مساوات ہے، کووڈ نے اس کو مزید اجاگر کر دیا، اس کے علاوہ موسمیاتی تبدیلی نے لینڈ اسکیپ کو مکمل طور پر تبدیل کر دیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ موسمیاتی تبدیلی نے پاکستان کو بہت زیادہ متاثر کیا، 2022 کے سیلاب نے پاکستان کو تباہ کر دیا اور ہمیں اربوں روپے خرچ کرنے پڑے لوگوں کی بحالی کے لیے۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے صوبے میں وزیر اعلیٰ پنجاب کے طور پر ہیپاٹائٹس کی شاندار سہولیات مہیا کی، میں نے گردے اور جگر کا بہترین ہسپتال بنایا جو جنوبی ایشیا میں سب سے بہترین ہے۔ شہباز شریف نے بتایا کہ 2011 میں ڈینگی نے پاکستان کو شدید متاثر کیا، مجھے تب ڈینگی کے بارے میں نہیں پتا تھا، صبح سے رات تک ہم ماہرین کے ساتھ اجلاس کرتے تھے، وہ ایک چیلنج تھا، میں نے ایئر کرافٹس کے ذریعے مشینیں ہسپتال پہنچائیں اور اس طرح ہم نے ڈینگی پر قابو پایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ سری لنکا والوں نے مجھے خبر دار کیا تھا کہ وزیراعلیٰ صاحب اس سال آپ کے ملک میں کئی اموات ہوں گی تو مجھے اس رات نیند نہیں آئی لیکن اس سال پنجاب میں 250 لوگ ہی لقمہ اجل بنے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں پولیو کے مکمل خاتمے کے لیے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 14

ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا۔ ایس پی پوٹھوہار ناصر نواز نے کہا کہ گرفتار ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 15

ملزم عارف شیر سے 750 گرام چرس، صادق آباد پولیس نے ملزم احمد علی سے 100 گرام آئس برآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ڈویژنل ایس پیز نے کہا کہ گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، نوجوان نسل کی رگوں میں منشیات کا زہر اتارنے والے ملزمان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی

بقیہ 16

وشراب فروشی میں ملوث تین ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 110 بوتلیں ملکی و غیر ملکی شراب، 150 عدد نشہ آور گولیاں اور ایک عدد ایم پی فور رائفل معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت عمر ارشد، خان محمد اور LIU (چائنیز) کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس کے افسران منشیات کے نقصانات اور روک تھام کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم بھی چلا رہے ہیں، اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے اور شہر سے منشیات کے خاتمے کیلئے خصوصی کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، کسی بھی عناصر کو نوجوان نسل کے مستقبل کو تباہ کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، "ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار-15" یا "آئی سی ٹی ایپ-15" پر فوراً اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جا سکے۔

بقیہ 17

اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن شروع کر دیا، اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 31 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے جبکہ کم عمر بچوں کو فلاحی سنٹر منتقل کر دیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے زونل ایس پیز کو واضح احکامات دیئے کہ وہ بھکاریوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر اپنی زیر نگرانی آپریشن جاری رکھیں

بقیہ 18

لے اور ہمیں انصاف فراہم کرنے میں مدد کرے، انکے خاوند کو جعلی طریقے سے سانحہ کے ایف سی میں پھنسایا گیا ہے اس واقعے کے چار دن بعد میرے خاوند کو گرفتار کیا اور ان پر بدترین تشدد کیا گیا، اس تمام معاملے کے پیچھے انتظامیہ، میرپور کا لینڈ مافیا ہے جو میرے خاوند کی جائیداد پر قبضہ کرنا چاہتا ہے، میرپور کے ڈپٹی کمشنر نے میرے گھر پر پولیس بھیج کر میرے خاوند کے لیپ ٹاپ اور دو عدد موبائل بھی ساتھ لے گئے اور مجھے اور میرے بچوں کو حراساں کیا اور مجھے کہا کہ تمہارے خاوند کہ موبائل سے گندی فلمیں ہیں جو برآمد ہوئی ہیں جو آج تک مجھے دکھائی نہیں گئی اور میرے خاوند کا نام بھی ایف آئی آر میں نہیں ہے میرے خاوند کے علاوہ بے گناہ لوگوں کو چھوڑ دیا گیا ہے، انتظامیہ میرے خاوند کی جائیداد کو زبردستی ہتھیانہ چاہتی ہے، برطانوی حکومت اور برٹش کونسل کے اراکین سے اپنے خاوند کی رہائی کا مطالبہ اور حکومت پاکستان سے بھی اپیل کرتی ہوں کہ ہمارے ساتھ ہونے والی زیادتی کا ازالہ کیا جائے

بقیہ 19

ہیں۔ ڈپٹی سیکرٹری ٹیکنیکل، ڈائریکٹر پروکیورمنٹ پی ایچ آئی ایم سی، کنٹریکٹ منیجر اور سیکشن آفیسر سٹینڈرڈائزیشن سپیشلائزڈ ہیلتھ، پراجیکٹ منیجر آؤٹ سورسنگ پی ایم یو پرائمری ہیلتھ بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ یہ کمیٹی ٹیچنگ ہسپتالوں میں پیتھالوجی لیبارٹریز کی موجودہ حالت اور اپ گریڈیشن پر تجاویز دے گی۔ کمیٹی مریضوں کو بہترین تشخیصی سہولتوں کی فراہمی کیلئے مختلف پلان مرتب کرے گی۔

بقیہ 20

آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر کا کہنا تھا کہ ڈیوٹی پر تعینات پولیس افسران نے الرٹ ڈیوٹی سرانجام دی، اردگرد کے ماحول اور مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھی، راولپنڈی پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے لیے ہر ممکنہ وسائل بروئے کار لا رہی ہے۔

بقیہ 21

کے اشتراک سے آکوپیشنل سیفٹی مہم شروع کر چکی ہے، کارخانوں، دفاتر، ورک پلیس پر سیفٹی کلچر کا شعور ضروری ہے، سیفٹی ایکٹ اور ٹریننگ کے ذریعے حادثات کو روکا جا سکتا ہے، مریم نواز کا مزید کہنا تھا کہ مالکان کو ورکرز کا تحفظ اور صحتمند ماحول یقینی بنانا چاہئے، ملازمین کے تحفظ کیلئے لیبر قوانین میں ترمیم لا رہے ہیں، ملازمین کی صحت اور حفاظت کی پرواہ نہ کرنیوالی کمپنیوں کو جرمانے ہونگے۔

بقیہ 22

ٹاسک ہے۔ انہوں نے ایک بیان میں کہا کہ پنجاب میں ایک ہفتے کے دوران پیاز 29 روپے، ٹماٹر 24 روپے اور آلو 22 روپے سستے ہوئے ہیں، باقی سبزیوں کی قیمتوں میں بھی 15 سے 20 روپے تک کمی ہوئی ہے، یہ پنجاب کے تمام اضلاع کی انتظامیہ کی بہترین کارکردگی کا نتیجہ ہے، وزیراعلی پنجاب مریم نواز کی ہدایات پر پرائس کنٹرول مجسٹریٹ اور ٹیمیں صوبے بھر میں متحرک ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سرکاری ریٹ لسٹ پر عملدر آمد کروانا سب سے بڑا ٹاسک ہے، اسکے لیے تمام ڈی سی، اے سی اور کمشنر روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کے دورے کریں، مریم نواز کا مشن ہے کہ عوام کو سستی روٹی اور سستی سبزیاں ملیں، عام آدمی کی بنیادی ضروریات میں روٹی اور سبزیاں ہیں، سبزی اور روٹی کی قیمت عام آدمی کی پہنچ کے مطابق ہی ہونی چاہیے۔ صوبائی وزیر اطلاعات نے مزید کہا کہ ہماری وزیر اعلی پیاز اور ٹماٹر کی قیمت مقرر کرنے بھی آئی اور عوام کو سستی اشیا خورونوش فراہم کرنے بھی آئی ہیں، مریم نواز عام آدمی کی آواز ہیں ان کا مشن خواتین اور نوجوانوں کی زندگیوں میں آسانیاں لانا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ مریم نواز کو گالم گلوچ بریگیڈ کی نہیں پنجاب کے 11 کروڑ عوام کی فکر ہے، عوام نے ہمیں مینڈیٹ مسائل کے حل کے لیے دیا انکے اعتماد پر پورا اتریں گے۔

بقیہ 23

تک ملتوی کر دی۔ محمود خان اچکزئی پر تھانہ گوالمنڈی میں دفعہ 448 اور دفعہ 447 کے تحت مقدمہ درج کیا گیا تھا۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز (26 اپریل) سرکاری اراضی قبضہ کیس میں پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے سربراہ محمود خان اچکزئی کے ناقابل ضمانت وارنٹ گرفتاری جاری کیے گئے تھے۔

بقیہ 24

کے نام سے ہوئی ہے، ملزم معراج دہشت گرد تنظیم بی ایل اے کے لیے ریکی کرتا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ ملزم معراج ماما حساس اداروں کی خبریں بھی بی ایل اے کو دیتا تھا، معراج ماما کی ریکی اور معلومات پر بی ایل اے سیکورٹی فورسز پر حملہ کرتی تھی، گرفتار دہشتگرد نے دوران تفتیش سنسنی خیز انکشافات کیئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ملزم نے 2017 میں تربت سیکو اور مند کی طرف جانے والی فوجی جوانوں کی گاڑی کی ریکی کی، ملزم کی ریکی پر بی ایل اے دہشتگرد حملے نے جوانوں پر حملہ کر کے شہید کر دیا تھا۔ ڈی آئی جی نے بتایا کہ ملزم نے رمضان المبارک میں ریکی کر کے گوادر پورٹ پر حملہ بھی کروایا، رمضان المبارک میں ملزم نے پاکستان نیوی کے ایئرپورٹ پر ریکی کے بعد حملہ کروایا، اس حملے کے نتیجے میں متعدد جوان شہید ہوگئے تھے۔ ڈی آئی جی ساتھ اسد رضا نے بتایا کہ ملزم کے دیگر ساتھیوں کے متعلق معلومات حاصل کر رہے ہیں۔

بقیہ 25

مینجنگ ڈائریکٹر آئی ایم ایف کرسٹالینا جارجیوا نے ورلڈ اکنامک فورم کے خصوصی سیشن میں گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس میٹنگ کے دوران آئی ایم ایف کے دو پیغامات ہیں۔ کرسٹالینا جارجیوا نے کہا کہ پچھلے چند سالوں کی مشکلات کے باوجود ترقی اور معیشت بہتر ہے، ہم نے ترقی کے تخمینوں کو اس سال کیلئے بہتر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایڈوانس معیشتوں میں امریکا کی کارکردگی اچھی ہے، انڈونیشیا، ملائیشیا، انڈیا جیسی ابھرتی مارکیٹس کی کارکردگی بھی اچھی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین کی کارکردگی پہلی سہ ماہی میں توقعات سے کچھ بڑھ کر اچھی رہی، بعض ممالک جیسکہ پاکستان کو نمایاں مشکلات کا سامنا ہے، مصر اب بہتر ہے لیکن اسے بھی مشکلات ہیں۔ ایم ڈی آئی ایم ایف نے کہا کہ کم آمدنی والے ممالک کی حالت خراب ہو رہی ہے، کورونا کی وبا کے باعث دنیا کو 3.3 ٹریلین ڈالر کا نقصان پہنچا، کورونا کے باعث معاشی نقصان سے کم آمدنی والے ممالک زیادہ متاثر ہوئے۔ کرسٹالینا جارجیوا نے کہا کہ ہمارے لیے اس وقت تین ترجیحات ہیں، اول ترجیح یہ ہے جن ملکوں میں مہنگائی بہت زیادہ ہے اسے ٹارگٹ تک لایا جائے، کسی حد تک مہنگائی میں کمی لانے میں کامیاب ہوئے ہیں تاہم کام باقی ہے۔

بقیہ 26

کے افسران کی مبینہ ملی بھگت سے غیر قانونی تعمیرات کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ داتا گنج بخش زون اور واہگہ زون میں غیر قانونی تعمیرات جاری ہیں، منیار پاکستان فلائی اوور کے سامنے تین کنال کی اراضی پر بھی غیر قانونی تعمیرات جاری ہیں۔ علاوہ ازیں غیر قانونی عمارت کے خلاف کارروائی کے لیے جانے والی ٹیم بھی ناکام واپس آ گئی، داتا گنج بخش زون کے افسران نے صورتحال سے واقف ہونے کے باوجود خاموشی اختیار کر رکھی ہے۔ ذرائع نے مزید بتایا کہ منیار پاکستان سے ملحقہ کسی عمارت کی تعمیر نہیں ہو سکتی، اسی طرح واہگہ زون میں بھی غیر قانونی تعمیرات کروائی جا رہی ہے، مختلف زون کے بلڈنگ انسپکٹرز نے اپنے افسران کی آشیر باد حاصل ہونے کی وجہ سے مافیا کے ساتھ گٹھ جوڑ کر رکھا ہے۔ اس حوالے سے ایم او پی محمد سلیم کا کہنا ہے کہ منیار پاکستان فلائی اوور کے سامنے غیر قانونی تعمیرات میں ملوث ذمہ داروں کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔ ترجمان میٹروپولیٹن لاہور نے بتایا ہے کہ منیار پاکستان فلائی اوور کے سامنے غیر قانونی تعمیرات کے خلاف ایکشن لیا گیا ہے۔

بقیہ 27

ترقیاتی بینک کے پاکستان میں جاری مختلف منصوبوں پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا وزیراعظم نے اپنے سابقہ دور حکومت میں اسلامی ترقیاتی بینک کی جانب سے مختلف منصوبوں میں ایک ارب امریکی ڈالرز کی سرمایہ کاری پر اسلامی ترقیاتی بینک کا شکریہ ادا کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی سیلاب کے بعد بحالی میں اسلامی ترقیاتی بینک کی معاونت کو سراہا اور اس حوالے سے ڈاکٹر الجاسر کے ذاتی تعاون اور قائدانہ کردار کو تسلیم کیا۔ ملاقات میں پاکستان میں اسلامی ترقیاتی بینک کے جاری مختلف منصوبوں کو جلد از جلد مکمل کرنے پر اتفاق کیا گیا اور پاکستان اور اسلامی ترقیاتی بینک کے درمیان تعاون کے نئے مواقع تلاش کرنے کے حوالے سے تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم نے صدر اسلامی ترقیاتی بینک سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اسلامی ترقیاتی بینک کی پاکستان کے ساتھ مفید شراکت داری، تعمیر نو اور روزگار میں مدد فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ حکومت کے پائیدار ترقی کے مقاصد کے حصول میں بھی معاون ثابت ہو رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں غیر ملکی سرمایہ کاری کو صحیح خطوط پر استوار کرنے اور غیر ملکی سرمایہ کاروں کے تمام خدشات کو دور کرنے اور ون ونڈو آپریشنز مہیا کرنے کے لئے خصوصی سرمایہ کاری سہولت کونسل پوری طرح سے فعال ہے۔ اس موقع پر صدر اسلامی ترقیاتی بینک کا کہنا تھا کہ پاکستان اسلامی ترقیاتی بینک کا بانی رکن ہے اور ایک انتہائی اہم ممبر ہے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ اللہ تعالی نے پاکستان کو بھرپور قدرتی و آبی وسائل سے نوازا ہے؛ پاکستان کی بڑی افرادی قوت سے بھرپور طرح سے مستفید ہوا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم پاکستان کی خوشحالی اور بہتری کے لئے دعا گو ہیں۔ ملاقات میں وزیر خارجہ اسحاق ڈار، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات محمد اورنگزیب، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطاء اللہ تارڑ، وفاقی وزیر پیٹرولیم مصدق ملک، وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور وفاقی وزیر پاور اویس احمد خان لغاری بھی موجود تھے۔

بقیہ 28

انٹرنیشنل ایسوسی ایشن آف ویمن پولیس کے باوقار ایکسی لینس ان پرفارمنس ایوارڈ حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کرتی ہوں۔ خواتین کے تحفظ اور حفاظت کیلئے رفعت بخاری کی لگن اور غیر معمولی خدمات قابل تعریف ہیں۔ پنجاب پولیس کی خاتون افسر نے پاکستان کا نام عالمی سطح پر روشن کیا۔ انہوں نے کہا کہ رفعت بخاری کی آرٹیفیشل انٹیلی جنس سے مجرمان کی گرفتاری، انٹیلیجنٹ ٹریفک منیجمنٹ سسٹم اور روڈ سیفٹی میکنزم کی تیاری میں خدمات کو سراہتے ہیں۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے رفعت بخاری کے مستقبل کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ دعا ہے رفعت بخاری اپنے کیریئر میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ اور خواتین سکیورٹی افسران کے لیے رول ماڈل کے طور پر کام کریں۔

بقیہ 29

کو گفتگو کرنے کا طریقہ بھی نہیں آتا، انہوں نے حال ہی میں گھٹیا گفتگو کی۔ انہوں نے کہا کہ مریم نواز کیا پہن رہی ہیں، اس پر تنقید کی گئی، ان کی زبان درازی میں تبدیلی نہیں آرہی، ان کی تبدیلی گندے کلچر کے ساتھ چل رہی ہے، یہ نہیں چلے گا، ہم ملک کی معیشت کو بحال کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ سیاست کا آغاز کرنے کے بعد میڈیا میں آ گئی تھی، میں اپنی فیملی کو اتنا ٹائم نہیں دے پاتی جتنا کیمروں کو دیتی ہوں۔ عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ میری قیادت کا اعتماد ہے کہ اتنی بڑی ذمے داری مجھے دی ہے، ہم کوشش کرتے ہیں کہ میڈیا کو جتنی سہولتیں دے سکیں وہ دیں۔ انہوں نے کہا کہ میں کبھی کسی کو کوئی خبر روکنے کا نہیں کہوں گی، صحافیوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کریں گے، ن لیگ کے سوا تمام حکومتوں نے میڈیا سے متعلق پروجیکٹس بند کیے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ ہماری جماعت اور حکومت میڈیا فرینڈلی ہے، میڈیا ٹاؤن فیز 2 پر تیزی سے کام ہو رہا ہے، صحافیوں کے لیے نیا ہاؤسنگ فیز لا رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایئر ایمبولینس جون تک پنجاب میں کام شروع کردے گی وزیر اعلیٰ پنجاب کی ایک دن میں چھ آٹھ میٹنگز ہوتی ہیں اور وہ 18 18 گھنٹے کام کرتی ہیں، اس وقت ملک میں مختلف گورننس ہیں جس سے مسابقت پیدا ہوتی ہے، پورے پاکستان میں صرف پنجاب کی حکومت آپ کو کام کرتی نظر آئے گی۔ عظمیٰ بخاری نے بتایا کہ مریم نواز حکومت کا کوئی پروجیکٹ فائل میں نہیں، سب پر کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ کارڈیک اسپتال پر تیزی سے کام ہو رہا ہے، دستک پروگرام کے تحت حکومت دستاویزات کی فراہمی کی تمام سہولتیں گھر پر فراہم کرے گی، وائی فائی کو بحال کرنے کا وزیر اعلیٰ نے حکم دے دیا ہے، مریم نواز کی کارکردگی کا مقابلہ نہیں ہو رہا تو بدتمیزی شروع کر دی گئی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ سرگودھا میں دل کے امراض کے اسپتال پر تیزی سے کام ہو رہا ہے، نواز شریف آئی ٹی پارک شروع کرنے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی والوں کے پاس مقابلہ کرنے کو کچھ نہیں ہے، میں چیلنج کر رہی ہوں، ایک پروجیکٹ بتائیں جو پنجاب جیسا ہو، یہ تبدیلی لانے آئے تھے ابھی تک کوئی تبدیلی نہیں آئی۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کے پی کے کا بھی حق ہے کہ انہیں ایئر ایمبولینس ملے، کے پی کے لوگ بہت تکلیف میں ہیں، وہاں تھوڑا سا ٹائم نکال لیں۔ انہوں نے پی ٹی آئی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ جیل میں بیٹھ کر ایک موصوف کہتے ہیں کہ میں کسی کو نہیں چھوڑوں گا، 9 مئی جیسا خوفناک دن کسی کے لیے نہیں ہوگا، ہم دوبارہ 9 مئی برداشت نہیں کر سکتے، یہ لوگ آئی ایم ایف کو خط لکھ کر ملک کی ترقی کو روکنے کی کوشش کر رہے ہیں، ان سے آئی ایم ایف کے دفتر کے نیچے بیٹھ کر نعرے لگوا لیں جب پاکستان کا کچھ بھلا ہونے لگتا ہے یہ اس پر رخنہ ڈالنا شروع کر دیتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ میری گزارش ہے آپ مقابلہ ضرور کریں لیکن اپنے کام پر، کسی سیاسی جماعت کے احتجاج میں آج تک انٹرنیٹ بند نہیں ہوا۔ انہوں نے عمران خان کے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے کہا کہ پہنچی وہیں پر خاک جہاں کا خمیر تھا، اس شعر میں شاعر این آر او مانگنا چاہتا جو اسے نہیں ملنا۔ عظمیٰ بخاری نے کہا کہ 39 سو روپے گندم کا ریٹ مقرر کیا گیا ہے، تمام تنظیموں کے ساتھ آن بورڈ ہیں، 1 ارب روپے کسانوں کے لیے پیکج کا اعلان جلد متوقع ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ جلد ایسے آلات بھی لے کر آرہے ہیں جو شاید ابھی تک بھارت میں ہی استعمال ہوئے ہیں۔ صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت نے کہا کہ 3 بڑے مراکز بنا رہے ہیں جہاں کسانوں کے لیے سہولت پر بیج دستیاب ہوگا، اگلی فصل تک کسان مضبوط ہو جائے گا، ڈمپنگ سائٹس پر ہم مختلف پروجیکٹس لانچ کر رہے ہیں۔

بقیہ 30

کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس کے مطابق ملزم نے دوران تفتیش انکشاف کیا کہ وہ مقتول کی دکان سے اکثر ادھار لیتا تھا، ایک دن غلام محمد نے مزید ادھار دینے سے انکار کیا تو تلخ کلامی ہوئی۔ ملزم نے بتایا کہ اس نے طیش میں آکر غلام محمد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا اور فرار ہوگیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ قتل کی واردات 25 اپریل کو نارتھ ناظم بلاک یو میں ہوئی تھی، ملزم کے قبضے سے آلہ قتل ایک عدد 30 بور پسٹل بھی برآمد کر لیا گیا، ملزم کو تفتیش حکام کے حوالے کر دیا گیا ہے۔ اس حوالے سے پولیس کا کہنا ہے کہ ابتدائی طور پر مقتول کے اہلخانہ نے قتل کو ڈکیتی مزاحمت کا شاخسانہ قرار دیا تھا۔

بقیہ 31

چلا رہی ہے دوسری طرف منتیں ترلے کر رہی ہے۔ رہنما پاکستان پیپلز پارٹی شرجیل انعام میمن کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی والے پہلے سوشل میڈیا پر دہشتگردی کرتے رہے اب دار الخلافہ میں دہشتگردی کی باتیں کر رہے ہیں، پی ٹی آئی مذاکرات نہیں ڈیل کی درخواستیں دے رہی ہے مگر ادارے تیار نہیں، داخلی گروہ بندی کا شکار پی ٹی آئی کے اندر ہر گروہ کا اپنا بیانیہ ہے۔ شرجیل انعام میمن نے کہا کہ پچھلے ڈیڑھ سال سے پی ٹی آئی کا ہر گروہ ڈیل کی درخواستیں دے رہا ہے، اداروں کے خلاف مہم چلانے والے کس منہ سے اداروں سے مذاکرات کی بات کر رہے ہیں، پی ٹی آئی نے پہلے اداروں کے خلاف مہم چلائی اور اب ان کو سیاست میں دھکیل کر متنازعہ بنانا چاہتی ہے۔ شہریار آفریدی کے بیان سے ظاہر ہوتا ہے کہ یہ کیسے عوام کو بے وقوف بنا کر اداروں سے لڑواتے ہیں، بانی پی ٹی آئی کی جماعت اہم ملکی اداروں کو تباہ کرنے کی تگ و دو میں ہے۔

بقیہ 32

ہور ہے ہیں۔ اگر کاشتکاروں کو بیل آؤٹ نہ کیا گیا تو اگلے سال گندم کی کاشت میں کمی آ سکتی ہے جس سے نیا بحران جنم لے گا۔ گندم کی گرتی قیمتوں کا فائدہ عوام کو منتقل کرنے کے بجائے مڈل مین اٹھا رہا ہے۔ صدر شاہد رشید بٹ نے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں کہا کہ مرکزی یا صوبائی حکومتیں کاشتکاروں کے مسائل کو نظرانداز نہ کریں کیونکہ اگر اس وقت انکی مدد نہ کی گئی تو اگلے سال وہ گندم کے بجائے گنا یا دیگر فصلیں اگائیں گے اور اسکی سرپلس پیداوار کی صورت میں حکومت کو برآمدی سبسڈی دینی ہوگی کیونکہ شوگر ملز کا شمار ملک کے سب سے با اثر بزنس گروپس میں ہوتا ہے۔ شوگر ملز مافیا بھی یہی چاہتی ہے کہ کاشتکاروں کو حالات کے رحم و کرم پر چھوڑ دیا جائے تا کہ انکی توجہ گنے کی فصل کی طرف ہو جائے اور وہ مزید استحصال کر کے اپنی تجوریاں بھریں۔ انہوں نے کہا کہ اس امر کی تحقیقات بھی ضروری ہیں کہ نگران حکومت نے ضرورت سے بہت زیادہ یعنی پینتیس لاکھ ٹن گندم درآمد کی اجازت کیوں دی کیونکہ اب درآمد کنندگان کاشتکاروں سے مسابقت میں مصروف ہیں جس سے ذخیرہ اندوز خوب فائدہ اٹھا رہے ہیں۔ ہماری بیوروکریسی ملک میں گندم کی پیداوار اور درآمد کی ضرورت کا اندازہ لگانے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتی جسکی وجہ سے کبھی ملک میں گندم کم اور کبھی زیادہ ہو جاتی ہے جس سے بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتے ہیں۔ ڈاکٹر شاہد رشید بٹ نے کہا کہ اگر حکومت کاشتکاروں سے گندم نہیں خرید سکتی تو سرپلس مقدار کو افغانستان اور ایران برآمد کر دیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ شوگر ملز ہمیشہ کی طرح سرپلس پیداوار کا واویلا مچا کر چینی برآمد کرنے کی اجازت مانگ رہی ہیں۔ ابھی برآمد شروع نہیں ہوئی ہے مگر چینی مہنگی ہونا شروع ہوگئی ہے۔ اگر چینی برآمد کرنے کی اجازت دے دی گئی تو اسکی قیمت کو پر لگ جائیں گے۔ چینی کی قیمت میں استحکام کے لئے حکومت واضح موقف اپنا کر اسکا اعلان کیا جائے تاکہ چینی کی قیمتوں کو کنٹرول کیا جا سکے۔

بقیہ 33

مریم نواز شریف کی متعلقہ آفیسرز کو تمام شفٹ فیلڈ میں موجود رہنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہنا تھا کہ انتظامیہ اور واسا متحرک رہیں، نکاسی آب کے لئے تمام وسائل بروئے کار لائے جائیں، لاہور اور دیگر شہروں میں ٹریفک رواں دواں رکھنے کیلئے بھی تمام ضروری اقدامات کیے جائیں، شہریوں کی مدد کیلئے ٹریفک وارڈن فیلڈ میں فعال انداز میں فرائض سرانجام دیں۔ مریم نواز شریف نے ریسکیو سروسز کے اداروں کو فوری حفاظتی اقدامات کا حکم دیتے ہوئے کہا ہے کہ نشیبی علاقوں سے عوام کی بروقت محفوظ مقامات پر منتقلی یقینی بنائی جائے، نشیبی علاقوں کے عوام کو صورتحال سے پیشگی خبردار کیا جائے، میڈیا، سوشل میڈیا اور موبائل الرٹس سروس سے مدد لی جائے، دیہی علاقوں میں مال مویشیوں کی حفاظت کے لئے موثر اقدامات کئے جائیں۔

بقیہ 34

پہنچیں گے؟ جس پر علی امین گنڈا پور پہلے خاموش رہے اور پھر مسکرائے اور پھر انہوں نے کہا کہ وہ تو اور بھی بہت کچھ کرتی ہوں گی، پھر کل آپ پوچھیں گے کہ آپ بھی وہ کریں گے۔ جس پر وزیر اعلی خیبر پختونخوا سمیت وہاں موجود صحافی ہنس پڑے۔ یہ پہلی بار نہیں کہ علی امین گنڈا پور نے مریم نواز کو تنقید کا نشانہ بنایا ہو اس سے قبل بھی وہ کئی بار اپنے متنازع بیانات کی وجہ سے سوشل میڈیا پر وائرل ہوتے رہے ہیں اور اسی وجہ سے مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں اور سوشل میڈیا صارفین نے انہیں آڑے ہاتھوں لیا۔

بقیہ 35

کی کا نوٹس لے لیا اور نادرا سنٹر شملہ پہاڑی کو بہت جلد مثالی سینٹر بنانے کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے محسن نقوی کا کہنا تھا کہ شہریوں کی شکایات کا جلد ازالہ کیا جائے گا، میں نے سینٹر کا دورہ کر کے تمام حالات کا خود جائزہ لیا ہے، آپ کے مسائل حل کرنا کوئی احسان نہیں، یہ آپ کا حق اور ہماری ذمہ داری ہے۔ دریں اثنا محسن نقوی سے گفتگو کرتے ہوئے بزرگ شہری نے کہا کہ آپ آ گئے ہیں اب ہمارے مسئلے حل ہو جائیں گے، آپ کا بہت نام ہے، یقین ہے کہ نادرا سنٹر کو بھی آپ ہی بہتر بنائیں گے۔

بقیہ 36

فرار ہونے لگے تو سیکیورٹی گارڈ نے اپنا پستول نکالا اور انہیں پکڑنے کی کوشش کی۔ جس پر ملزمان نے گولیاں چلا دیں۔ پولیس نے جائے وقوعہ سے نائن ایم ایم کے 3 خول تحویل میں لے کر ملزمان کی تلاش کردی۔ 25 سالہ فیصل غیر شادی شدہ اور پانچ بہن بھائیوں میں چوتھے نمبر پر تھا۔ رواں سال ڈکیتی مزاحمت پر جاں بحق شہریوں کی تعداد 65 ہوگئی۔

بقیہ 37

کے جرمانے عائد کیے گئے۔ بہاولپور میں ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 9 گیس کنکشن منقطع کیے گیے۔ ساہیوال میں ٹیم نے غیر قانونی استعمال پر 3 گیس کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر دو گیس کنکشن منقطع کیے گئے اور 50 ہزار کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 418 جبکہ کمپریسر کے استعمال پر 114 گیس کنکشن منقطع کیے گئے، 1 کروڑ 86 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ مزید 19 ایف آئی آرز بھی درج کی گئی۔

بقیہ 38

طور پر سامنے آئے ہیں۔ واؤچر پروگرام مانع حمل مصنوعات اور خدمات کو سبسڈی دینے، اور مستفید ہونے والوں کو سبسڈی کو نشانہ بنانے میں مؤثر ثابت ہوگا۔ PPIF نے BISP کے ساتھ ایک سہ فریقی معاہدہ کیا تا کہ FP سروسز اور پاپولیشن کونسل بطور ریسرچ پارٹنر کے ساتھ غریب ترین غریبوں تک پہنچایا جا سکے۔ اس پائلٹ کا تجرباتی اجراء ضلع رحیم یار خان میں کیا گیا جس کے ذریعے الیکٹرانک ایف پی واؤچرز کے ذریعے بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والوں میں تولیدی عمر کی اہل شادی شدہ خواتین کو نقل وحمل کے اخراجات کے ساتھ مفت ایف پی خدمات اور اشیاء فراہم کی گئیں۔ اس پروجیکٹ کے ذریعے 92,670 MWRAs تک FP کی معلومات پہنچی اور ان میں سے 24,630 نے FP خدمات الیکٹرانک FP واؤچر کے ذریعے حاصل کیں۔ پائلٹ پراجیکٹ کی کامیابی اس بات کا پختہ ثبوت ہے کہ ای واؤچر ماڈل غریب اور پسماندہ کمیونٹیز کے درمیان رسائی اور قابل استطاعت رکاوٹوں پر قابو پا کر FP خدمات کے بہتر استعمال میں سہولت فراہم کر سکتا ہے۔ پی پی آئی ایف پنجاب کے 14 اضلاع میں ای واؤچر ماڈل کو بڑھا رہا ہے، جن کی ضرورت پوری نہیں ہوئی ہے۔ پہلے فیز میں ڈی جی خان ڈویژن کے اضلاع ڈی جی خان، مظفر گڑھ، راجن پور، لیہ شامل ہیں جبکہ فیز 2 میں لاہور، ملتان، بہاولپور، جھنگ، سرگودھا، قصور، خانیوال، فیصل آباد، اوکاڑہ اور وہاڑی اضلاع میں ہو رہا ہے۔ بی آئی ایس پی سے مستفید ہونے والوں کے لیے ای واؤچر ماڈل کی اہم سرگرمیوں میں IEC مواد کی ترقی اور پرنٹنگ، آؤٹ ریچ ورکرز کے لیے تفصیلی امداد کی ترقی اور پرنٹنگ، فیملی پلاننگ پر IEC مواد کی پرنٹنگ شامل ہیں۔ ڈیمانڈ جنریشن کیلیبسوشل موبلائزرز، ایف پی چیمپئنز اور بی آئی ایس پی کے مدرلیڈرز کی صلاحیتوں کی تعمیر، بیداری پیدا کرنے والے کمیونٹی سیشنز اور گھریلو دوروں کا انعقاد کر کے کامیابی حاصل کرنا ہوگی۔ سروس ڈیلیوری کے سلسلہ میں پرائیویٹ ہیلتھ پرووائیڈرز/سہولیات کی میپنگ اور اسیسمنٹ، پرائیویٹ ہیلتھ سروس پرووائیڈرز کا کوالٹی ایشورڈ نیٹ ورک کی تیاری کے ساتھ عوامی اور نجی فراہم کنندگان سمیت توسیع شدہ طریقہ کار کے لیے ایک ریفرل میکانزم کی تیاری، سروس فراہم کرنے والوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی اشیاء کی فراہمی کی جائے گی۔ واؤچر مینجمنٹ نی الفور واؤچر کے انتظام کے لیے فنڈز کی تقسیم کرنے والی ایجنسی کی خدمات کا حصول، واؤچرز کی تصدیق کے لیے موبائل ایپلیکیشن جو فائدہ اٹھانے والوں کے ذریعے خدمت فراہم کنندگان کے ذریعے کریں گی۔ اسی طرح ایم فنانس ٹول کے ذریعے فائدہ اٹھانے والوں اور سروس فراہم کرنے والوں کو رقوم کی تقسیم کا عمل کیا جائے گا۔

بقیہ 39

ڈار کو نائب وزیراعظم مقرر کرنے کی منظوری دی کابینہ ڈویژن نے اس ضمن میں نوٹیفکیشن جاری کر دیا ہے وزیر خارجہ اس وقت وزیراعظم کے ہمراہ سعودی عرب کے دورے پر ہیں۔

بقیہ 40

والوں کے رویے پر مزید پالیسی گائیڈ لائنز متعارف کرائی جائیں گی۔ اپنے ایک بیان میں وزیر قانون نے کہا کہ وہ اظہار رائے کے حامی ہیں، ڈیجیٹل رائٹس اور قابل اعتراض مواد کے معاملے میں جلد بہتری آئے گی۔ انہوں نے کہا کہ سوشل میڈیا بندش کا مسئلہ صرف پاکستان میں نہیں، امریکا، کینیڈا اور آسٹریلیا میں بھی سوشل میڈیا کے مسائل موجود ہیں۔ مسلم لیگ ن کی سابق اتحادی حکومت نے سوشل میڈیا سے متعلق کمیٹی بھی بنائی تھی مگر پھر نگران حکومت آ گئی جس کی وجہ سے کام رک گیا۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ میٹا اور دیگر سوشل میڈیا پلیٹ فارمز کے ساتھ مشاورت کر رہے ہیں اور ان کا مؤقف بھی سن رہے ہیں، سوشل میڈیا سے متعلق پالیسی پر دوبارہ کام شروع کر دیا ہے۔

بقیہ 41

میں 25 ہزار روپے فی کس جہیز فنڈ کی مد میں امدادی رقم تقسیم کی جو مجموعی طور پر 12 لاکھ روپے بنتی ہے جس پر علاقہ بھر کی عوام نے راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کے انسانی خدمت کے جذبہ کو خراج تحسین پیش کیا، بعد ازاں رات کو پاکستان بیت المال و زکوۃ و عشر نظام کے بانی الحاج راجہ محمد افسر خان ڈنڈوت کے ایصال ثواب کیلئے محفل سماع کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک انٹرنیشنل سطح پر معروف معروف احمد علی حاکم نے سماع باندھا۔

بقیہ 42

زردے بھی تقسیم کیے اور مبارکبادیں وصول کرتے رہے ان خیالات کا اظہار مسلم لیگ (ن) یونین کونسل دولت پور کے راہنما چوہدری نواز سمور نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ (ن) ہماری جماعت اور میاں برادران ہمارے قائدین ہیں ہماری سیاست آدھا تیتر آدھا بٹیر والی نہیں مسلم لیگ اور لیگی امیدواروں کو دل و جان سے سپورٹ کیا۔ نواز سمور کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف کے کارکن اور عمران خان کے سپاہی ہونے کے دعویدار پارلیش بزرگ قومی اسمبلی کے مسلم لیگی امیدوار چوہدری فرخ الطاف کو سپورٹ کرنے کا جھوٹا واویلا کر رہے ہیں جو لوگ الیکشن کے روز پولنگ ایجنٹ کا اہتمام نہ کر سکے ان کے دعوؤں میں کتنی صداقت ہوگی یونین کونسل دولت پور میں "دو رانجھے سب کے ساتھے ہیں" "میرے خلاف مسلم لیگ (ن) اور لیگی ایم این اے 61 چوہدری فرخ الطاف کو غلط گائیڈ کر کے ہمدردیاں وصول کرنے کی کوشش کرنے والے اپنی ذات کا احتساب کریں گریباں میں جھانک کر دیکھیں انشاء اللہ وہ لوگ اپنی ذات سے شرمندہ ہو کے رہ جائیں گے انہوں نے مزید کہا کہ آئندہ بھی ہمارا جینا مرنا مسلم لیگ کے ساتھ رہے گا ہمارا رخ ہواؤں کے ساتھ آج تک نہ بدلا ہے اور نہ بدلے گا انہوں نے کہا کہ حرص اور لالچ کی سیاست کے قائل لوگ اپنے آپ کو درست کر لیں بصورت دیگر ان کی منافقت کی سیاست ثبوت و شواہد سے بے نقاب کریں گے

بقیہ 43

کی ڈیڈ لائن دے دی ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ پنجاب حکومت نے کسانوں سے گندم خریداری سے متعلق کوئی فیصلہ تاحال نہیں کیا ہے۔ گندم خریداری کے معاملے پر آج وزراء کمیٹی کا اجلاس دوبارہ ہوگا، اجلاس کے بعد کسانوں سے اس معاملے پر بات چیت کی جائے گی۔ دوسری جانب کسان بچاؤ تنظیم کے رہنما سلطان جاوید نے کہا ہے کہ وزیراعظم کی جانب سے پاسکو ہدف بڑھانے کا خیر مقدم کرتے ہیں اور امید ہے کہ پنجاب حکومت بھی اسی طرز کا اعلان جلد کرے گی۔ کسان رہنما نے پنجاب حکومت کو اس حوالے سے (آج) پیر تک کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے کہا کہ اگر (آج) پیر تک اس بارے میں کوئی حتمی فیصلہ نہ ہوا تو ہم اپنے آئندہ کے لائحہ عمل کا اعلان کر دیں گے۔

بقیہ 44

اسلحے سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس کا کہنا ہے کہ دونوں اہلکار سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ کے دفتر میں ڈیوٹی پر تعینات تھے۔ جھگڑے کی وجہ تاحال معلوم نہ ہو سکی، جبکہ گرفتار ملزم سے تفتیش کا عمل جاری ہے۔

بقیہ 45

گھر مکمل طور پر منہدم ہوئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ 8 مرد، 7 خواتین اور 6 بچے زندگی کی بازی ہار گئے۔ صوبے میں 1910 مکانات کو جزوی نقصان پہنچا، بارشوں سے پیدا ہونیوالی سیلابی صورتحال سے 4 پل اور 14 سڑکیں بھی تباہ ہوئیں۔ پی ڈی ایم اے کی رپورٹ میں مزید بتایا گیا کہ حالیہ بارشوں کے 3 سپیلز میں 127 جانور بھی ہلاک ہوئے، سیلابی ریلوں کی وجہ سے 62 ایکڑ پر فصلوں کو بھی شدید نقصان پہنچا۔

بقیہ 46

سے 2024 تک انکا وطیرہ رہا ہے کہ نقصان ہی کرنا ہے، سیاسی جماعتوں پر پابندی نہیں دہشت گردوں پر ضرور پابندی ہوگی۔ عمران خان کے اسٹیبلشمنٹ سے بات کرنے کے بیان پر صوبائی وزیر اطلاعات نے ردعمل میں کہا کہ پہنچی وہیں پر خاک جہاں کا خمیر تھا، اس شعر میں شاعر این آر او مانگنا چاہتا جو اسے نہیں ملنا۔ انہوں نے کہا کہ یہ لوگ کبھی آئی ایم ایف کو خط لکھتے ہیں تو کبھی آئی ایم ایف کے دفتر کے باہر جا کر بیٹھ جاتے ہیں، پاکستان کی کچھ بہتری ہونے لگتی ہے تو یہ لوگ کہتے ہیں ہم چڑھائی کر دیں گے۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ مریم نواز کی 2 ماہ کی حکومت نے نتائج دینا شروع کر دیئے ہیں، پنجاب میں آٹے کے تھیلے میں 8 سو روپے کی کمی ہوئی ہے، سبزیوں کی قیمتوں میں بھی کمی ہوئی ہے اور یہ کمی جاری رہے گی۔

بقیہ 47

امور پر تفصیلی بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں دونوں اطراف سے معاشی تعلقات کو مزید فروغ دینے کے حوالے سے غیر معمولی گرمجوشی کا اظہار جبکہ سعودی وزیر خارجہ کے دورہ پاکستان کے دوران سعودی سرمایہ کاری پر پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ مشیر شاہی دربار اور وفد نے سعودی سرمایہ کاری کے حوالے سے گہری دلچسپی کا اظہار کیا۔ اس موقع پر جنرل سیکرٹری سعودی پاکستان سپریم کوآرڈینیشن کونسل محمد بن مزیاد آل تویجری نے کہا کہ جنگی بنیادوں پر پاکستان میں سرمایہ کاری پر کام شروع کر دیا ہے، سعودی کاروباری برادری اور سرمایہ کاروں پر مشتمل اہم وفد جلد پاکستان کا دورہ کرے گا۔ محمد بن مزیاد آل تویجری نے کہا کہ چاہتے ہیں پاک سعودی معاشی تعلقات ویژن 2030 کے تناظر میں آگے بڑھیں، سعودی ویژن 2030 کے تحت پاکستانی افرادی قوت کو تربیت فراہمی کیلئے ہر ممکن مدد کریں گے۔

بقیہ 48

موسمیات کی جانب سے مزید بارشوں کی پیش گوئی کی گئی ہے، باجوڑ کے گاؤں گیلے میں بارش کی وجہ سے کمرے کی چھت گر گئی، ریسکیو ذرائع کے مطابق ملبے تلے دب کر 2 خواتین جاں بحق جبکہ 5 افراد زخمی ہوگئے، جاں بحق اور زخمیوں کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 49

گزشتہ دو سالوں سے پہلی پوزیشن برقرار رکھنے والے گولڈ میڈلسٹ ادارے ریڈینٹ ہائی سکول چوآسیدن شاہ کے طلباوطالبات نے ٹاپ 10 میں سے 8 پوزیشنیں اپنے نام کرلیں، تفصیلات کے مطابق ریڈینٹ ہائی سکول کی طالبہ نایاب فاطمہ نے پہلی، ثانیہ قیصر اور احد علی نے چوتھی، ملائکہ حبیب نے پانچویں، عائشہ سردار نے ساتویں، علیشہ شوکت نے آٹھویں، عذرا محبت نے نویں جبکہ زینب نذیر نے دسویں پوزیشن حاصل کی، پنجاب کالج آف ڈھڈ کوٹ کیمپس انتظامیہ کی جانب سے پہلی پوزیشن حاصل کرنے والی طالبہ کو دو سال کے لیے سکالرشپ کی مد میں دولاکھ تیس ہزار روپے اور تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا جبکہ بقیہ پوزیشن ہولڈرز طلبا و طالبات کو بھی سکالرشپ اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا، واضح رہے گزشتہ سال 2023 میں بھی پنجاب کالج کی طرف سے منعقد کیے گئے ٹیسٹ میں ریڈینٹ سکول چوآسیدن شاہ کی طالبہ تہنیت مستجاب نے پہلی اور فلزہ شاکر نے دوسری پوزیشن حاصل کی تھی، مزید برآں 2022 میں پنجاب کالج کی طرف سے منعقد کیے گئے ٹیسٹ میں ریڈینٹ ہائی سکول کی طالبہ ثانیہ نے دوسری پوزیشن حاصل کی تھی، شاندار کامیابی پر پوزیشن ہولڈرز طلباء وطالبات نے کامیابی کا تمام تر سہرہ پرنسپل ریڈینٹ ہائی سکول چوآسیدن شاہ ملک عامر تحقیل اور دیگر سٹاف کے سر سجاتے ہوئے کہا کہ ان کے اساتذہ کی انتھک محنت سے انہیں یہ کامیابی ملی جس پر وہ اپنے اساتذہ اور ادارے کیلئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں ہمیشہ اسی طرح کامیابیوں سے ہمکنار کرے۔

بقیہ 50

افغانستان میں دہشتگردی کی تربیت دی جارہی ہے، ایک طالبعلم کو افغانستان سے واپسی پر سکیورٹی فورسز نے پکڑ لیا ہے۔ تفتیش کے بعد ملزم دہشتگرد کی نشاندہی ہوئی، دہشتگرد وعظمت کے سر کی قیمت لاکھوں میں مقرر تھی، یہ سکیورٹی فورسز اور پولیس پر حملوں اور ٹارگٹ کلنگ میں بھی ملوث تھا، سی پی او پشاور کے مطابق 25 اپریل کو آپریشن میں مطلوب دہشتگرد عظمت مارا گیا تھا۔ ہلاک دہشتگرد نے جمرود کے دینی مدرسے کے چار طالبعلموں کو اغوا کر کے کالعدم تنظیم میں شامل ہونیکی ترغیب دی تھی۔

بقیہ 51

بھی حکومت سے اپیل کی۔ وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے ننھے گلوکار کی بھرپور پذیرائی کی گئی، سرفراز بگٹی نے ننھے گلوکار کے تمام تعلیمی اخراجات سرکاری سطح پر اٹھانے کا اعلان کر دیا ہے۔ وزیر اعلی بلوچستان نے ضلعی انتظامیہ کو اس سلسلے میں ہدایات جاری کیں، جس کے بعد ڈپٹی کمشنر ڈیرہ بگٹی اظہر شہزاد نے ننھے گلوکار طارق اور اس کے والد کو اپنے دفتر بلایا۔ ڈی سی ڈیرہ بگٹی نے کہا کہ سوئی سے اسکول پرنسپل کو بلا کر گلوکار طارق کا داخلہ کرا دیا جائے گا۔

TENDER NOTICE

Communication & Works, Department, Highway Division, Murree, intends to tender out the following scheme through newly introduced E-Tendering System, vide Notification No. SOH-I(C&W)1-49/2023/3652, dated: 26-05-2023.

All Contractors who are registered with Pakistan Engineering Council (PEC) 2024 can to participate in open E-tendering System. Procurement procedure will strictly be adopted in accordance with PPRA Rules 2014. Contractors can participate in E-Tendering after fulfilling following terms & conditions;

i. Contractors may register firms on website www.ecnw.punjab.gov.pk. of Communication & Works, Department, Lahore by submitting their requisite information.
ii. After registration on E-tendering website www.ecnw.punjab.gov.pk, contractors of eligible categories may participate in E-Tendering.
iii. Contractor may generate the tender Fee Challan (32-A) / Payment slip ID (PSID), amounting to Rs.2,000/-. Contractor / Bidder has to will upload scanned copy of payment receipt on contractor portal and payment receipt shall be required to submit in the office of undersigned before tender opening time.
iv. Requisite Tender fee be received / collected through e-pay Punjab mobile application with Highways Works Code: C02716.
v. After uploading the tender Fee Challan paid voucher, contractor / bidder has to upload scanned copy of Call Deposit Receipt (CDR) (in the name of firm) @ 2% of the estimated cost of any scheduled bank, on website. Original CDR (in the name of firm) must be submitted to the office of undersigned on tender opening date before opening time.
vi. Contractor has to quote online percentage rates on below or above basis upto 15.05.2024 at 11:30 A.M after reviewing B.O.Q of the scheme available at website. The rates quoted online by the contractor will be downloaded from website and will be announced on same date at 12:30 PM.
vii. All the contractors participated in E-tendering will be bound to submit their Original CDRs, paid tender fee challans with letter heads and original power of attorney in the office of the undersigned. Otherwise, the contractor will be declared as disqualify in the presence of Tender Opening Committee.
viii. In case of false information, fake CDR & fake tender fee challan, the contractor will liable to disqualify as per PPRA Rules and will not be eligible to participate in upcoming tenders of C&W, Govt. of Punjab. Further his case will be forwarded to PEC and PPRA for initiation of Strict Legal Action.
ix. In case the lowest bidder whose bid will be more than 5% below of DNIT of the work, the lowest bidder will be bound to deposit the difference between the bid & estimated cost as per rate quoted by the Bidder as additional performance security in shape of Call Deposit or Bank Guarantee from any schedule bank within 15 days after opening of tender. Lowest bidder will have to upload the CDR or Bank Guarantee on the website &will submit the original CDR / Bank Guarantee in the office of Undersigned, otherwise the tender of the lowest bidder will stand cancelled & earnest money will be forfeited in favour of the Govt.
x. Insurance bond in place of Bank Guarantee or CDR in lieu of Performance or quality assurance Guarantee will not be entertained.
xi. Price Variation (inflation) under Clause 55 is not admissible in M&R work as per finance department clarification circulated notification no. SOH-V(C&W)2-6/2021Dated 30-06-2022.

Sr. No.	Name of works	Estimated Cost	Earnest Money @ 2%	T.S No & Date	Tender Fee	Time Limit
1	Special Repair of road from Brewera to Java UC Malot L=3.50 KM Tehsil Kotli Sattian District Rawalpindi	55.387	1.108	T.S vide C.E.N No. 650/Plg Dated:19.04.2024	2000/-	06 Months

Executive Engineer,
Highway Division
Murree

Superintending Engineer
Highway Cricle No. 1.
Rawalpindi

IPL-3645

دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ عدم مساوات ہے، وزیراعظم

موسمیاتی تبدیلی نے پاکستان کو بہت زیادہ متاثر کیا ہے، 2022 کے سیلاب نے پاکستان کو تباہ کردیا

ہمیں لوگوں کی بحالی کے لیے اربوں روپے خرچ کرنے پڑے، ہمارے ملک کے بہت سارے افراد مہنگا علاج معالجہ برداشت نہیں کرسکتے

ریاض (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ اس وقت دنیا کا سب سے بڑا مسئلہ عدم مساوات ہے، موسمیاتی تبدیلی نے پاکستان کو بہت زیادہ متاثر کیا ہے، 2022 کے سیلاب نے پاکستان کو تباہ کردیا، ہمیں لوگوں کی بحالی کے لیے اربوں روپے خرچ کرنے پڑے ، ہمارے ملک کے بہت سارے افراد مہنگا علاج معالجہ برداشت نہیں کرسکتے۔ عالمی اقتصادی فورم سے خطاب کرتے (بقیہ نمبر 13)

ریاض: عالمی اقتصادی فورم کے خصوصی اجلاس کے موقع پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے انٹرنیشنل مانیٹری فنڈ کے مینجنگ ڈائریکٹر نے ملاقات کی

لاکھوں روپے مالیت کا آتش بازی کا سامان برآمد

ملزم کا مختلف علاقوں میں سامان آتش بازی سپلائی کرنے کا انکشاف ایس پی صدر نبیل کھوکھر نے SHO اور انکی ٹیم کو شاباش دی

عوامی سماجی حلقوں کا SHO ملک کاشف کی بلاتفریق کاروائیوں پر اظہار اطمینان اور انکی کارکردگی کو خوب سراہا

گوجرخان (قمر شہزاد) پولیس تھانہ گوجرخان کی ایس ایچ او ملک کاشف کی نگرانی میں بڑی کاروائی آتش بازی کے سامان کا سپلائر گرفتار بھاری مقدار میں لاکھوں روپے مالیت کے پٹاخے ، ہوائیاں، انار، گولے اور دیگر سامان برآمد کر کے ملزم کو گرفتار کر کے مقدمہ نمبر 524/24 تھانہ گوجرخان میں درج کرلیا عوامی سماجی حلقوں کا ملک کاشف کی بلاتفریق کاروائیوں پر اظہار اطمینان اور انکی کارکردگی کو خوب سراہا اور ایسے عناصر کے خلاف کاروائیاں تیز کرنے اور دیگر جرائم پیشہ عناصر، منشیات فروشوں، بھکاریوں، جواریوں کے خلاف جلداز جلد کاروائیاں کرنے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ گوجرخان کی گشت پر معمور پارٹی ریلوے روڈ موجود (بقیہ نمبر 1)

چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

اشتہاری مجرم سال 2022 سے دو مقدمات میں بنی پولیس کو مطلوب تھا

راولپنڈی (این این آئی) بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرم کو گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چیک ڈس آنر کے مقدمات میں مطلوب اشتہاری مجرم شوکت اقبال کو گرفتار کرلیا، اشتہاری مجرم سال 2022 سے دو مقدمات میں بنی پولیس کو مطلوب تھا۔(بقیہ نمبر 2)

اپنے ہی بچوں کو جان سے مارنے کی کوشش کرنیوالا سنگدل باپ گرفتار

جہلم (این این آئی) ڈی پی او جہلم ناصر محمود باجوہ کے احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او ڈومیلی اور ٹیم نے فوری ریسپانس دیتے ہوئے اپنے ہی بچوں کو جان سے مارنے کی کوشش کرنیوالے سنگدل باپ کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی پی او جہلم نے واقعہ کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی ایس پی سوہاوہ کو مقدمہ کے اندراج اور ملزم کی فوری گرفتاری کا حکم دیا تھا جس پر ڈومیلی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم جمعہ خان کو چند گھنٹوں میں گرفتار کرلیا، ملزم نے گزشتہ روز گھریلو لڑائی جھگڑے کی وجہ سے اپنے 2 کمسن بچوں کو جان سے مارنے کی کوشش کی تھی، پولیس تھانہ ڈومیلی نے (بقیہ نمبر 3)

منشیات کے مقدمہ میں مجرم کو 14 سال قید، 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنائی گئی

جہلم (این این آئی) جہلم پولیس کی موثر تفتیش کے باعث ایڈیشنل سیشن جج سوہاوہ نے منشیات کے مقدمہ میں مجرم کو 14 سال قید اور 4 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا سنائی۔ تفصیلات کے مطابق جہلم پولیس کی موثر تفتیش کے باعث ایڈیشنل سیشن جج سوہاوہ عامر ضیا نے منشیات کے مقدمہ نمبر 202/2 3/22 (1) - 9 تھانہ سوہاوہ کا فیصلہ سنا دیا، مجرم مجاد اللہ نے گزشتہ سال منشیات فروشی کے جرم کا ارتکاب کیا تھا، جس پر عدالت نے جرم ثابت ہونے پر مجرم مجاد اللہ کو 14 سال قید اور 04 لاکھ روپے جرمانہ کی سزا کا فیصلہ سنا دیا، مجرم کو سال 2023 میں ٹی ایچ کیو سوہاوہ کے قریب سے گرفتار کر کے 5200 گرام چرس برآمد کی گئی تھی، جہلم پولیس نے مجرم کو گرفتار کر کے ٹھوس شواہد کیساتھ چالان عدالت کیا۔

Margalla Hills
HALF MARATHON
2024

اسلام آباد: وزیر اعظم کی کوآرڈینیٹر برائے موسمیاتی تبدیلی اور ماحولیاتی رابطہ رومینہ خورشید عالم MHNP میں منعقدہ مارگلہ ہلز ہاف میراتھن میں جیتنے والے کو میڈل دے رہی ہیں

راولپنڈی، خاتون سکول ٹیچر سے پرس چھیننے والے ملزم گرفتار

چھینا گیا پرس، نقدی 6000 روپے اور موٹر سائیکل برآمد

راولپنڈی (این این آئی) خاتون سکول ٹیچر سے پرس چھیننے والے ملزم گرفتار کر کے چھینا گیا پرس، نقدی 6000 روپے اور واردات میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل برآمد کرلیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق چندروز قبل موٹر سائیکل سوار ملزم نے سول لائن کے (بقیہ نمبر 4)

آرائے بازار پولیس کی کارروائی، دو جواریئے گرفتار

قبضہ سے داؤ پر لگی رقم 17 ہزار 700 روپے، 2 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آرائے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے تاش پر جواء کھیلنے والے 2 ملزمان کو گرفتار کر کے داؤ پر لگی رقم 17 ہزار 700 روپے ، 2 موبائل فون اور تاش کے پتے برآمد کرلئے ۔ تفصیلات کے مطابق آرائے بازار پولیس نے کارروائی کرتے تاش پر جواء کھیلنے والے 02 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں محمد اویس اور محمد شفیق شامل ہیں۔

ریاض: سعودی وزیر خزانہ ایچ ای محمد الجدعان نے ورلڈ اکنامک فورم کے خصوصی اجلاس کے موقع پر وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات کی

ہوائی اڈوں کی آؤٹ سورسنگ میں مختلف ممالک کا اظہار دلچسپی

بیرون ممالک سے تجارتی وسرمایہ کاری کے تعلقات کو فروغ دینے کی کوششوں کی ضرورت پر زور

پیرس، سپین، جرمنی، برطانیہ اور سوئٹزرلینڈ کے معروف ایئرپورٹ آپریٹرز نے بھی مثبت دلچسپی ظاہر کردی

کراچی (نمائندہ خصوصی) ہوائی اڈوں کی آٹ سورسنگ میں مختلف ممالک نے اظہار دلچپسی کردی۔ وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے اقتصادی سفارت کاری کو بڑھانے اور بیرون ممالک کیساتھ تجارتی اور سرمایہ کاری کے تعلقات کو فروغ دینے کی کوششوں کی ضرورت پر زور دیا اور ہوائی اڈوں کی آٹ سورسنگ کیلیے بیرون ملک پاکستانی مشنز کے ذریعے کی جانے والی مارکیٹنگ کو بہتر بنانے (بقیہ نمبر 5)

پی ٹی آئی کا ریلیز عمران خان ٹرین مارچ

عمران خان کی رہائی کے لیے ہم پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے، پی ٹی آئی رہنما شعیب شاہین

کراچی (اے ایف بی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شعیب شاہین نے کہا ہے کہ عمران خان کی رہائی کے لیے ہم پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ اتوار کو پاکستان تحریک انصاف کا ریلیز عمران خان ٹرین مارچ کراچی سے سکھر کیلیے روانہ ہو، ٹرین مارچ کے کوٹری ریلوے اسٹیشن پہنچنے پر کارکنان نے پھول نچھاور کیے۔ مارچ شروع ہونے سے قبل رہنما پی ٹی آئی شعیب شاہین نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ ہم تنظیم سازی کے سلسلے میں پورے سندھ کا دورہ کررہے ہیں عمران خان کی رہائی کے لیے ہم پرامن جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے کہا پوری قوم آج بانی پی ٹی آئی کے ساتھ کھڑی ہے۔

KHAN بانی پی ٹی آئی عمران خان کی رہائی کے حوالے سے نکالے گئے ٹرین مارچ کے شرکاء سے ٹنڈو آدم اسٹیشن پر حلیم عادل شیخ خطاب کر رہے ہیں

چکوال میں گندم کی خریداری کا آغاز نہ ہوسکا، کسان پریشانی کا شکار

چکوال (این این آئی) حکومت پنجاب کی جانب سے تاحال چکوال میں گندم کی خریداری کا آغاز نہ ہوسکا جس کے باعث کسان پریشانی کا شکار ہیں اور حالیہ بارشوں کے سبب کٹائی کا عمل بھی تعطل کا شکار ہوگیا ہے۔ جس سے کسان دوہری اذیت کا شکار ہیں۔ کسانوں کی پورے سال کی روٹی روزی اسی گندم سے وابستہ ہوتی ہے۔ کسانوں کے مطابق اس دفعہ حکومت کی پالیسیاں، بہت غلط ہیں، گندم کا ریٹ بھی کم ہے اور کسان سے خریداری بھی نہیں کی جارہی۔ کسانوں کے مطابق گندم مافیا ریٹ بہت کم لگا رہا ہے

3 ملزمان گرفتار شراب اور پسٹل برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے شراب اور پسٹل برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 3 ملزمان کامران، سالک اور احسن کو گرفتار کرلیا، ملزمان کامران اور سالک سے 11 لیٹر شراب جبکہ ملزم احسن سے 01 پسٹل 30 بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا۔

اسلام آباد، خاتون کے اندھے قتل میں ملوث ملزم گرفتار

تفتیش کے دوران گرفتار ملزم نے اسلحہ آتشین سے فائر مار کر قتل کرنے کا انکشاف کیا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل اور ہومی سائیڈ یونٹ پولیس ٹیموں نے موثر کارروائی کرتے ہوئے خاتون کے اندھے قتل میں ملوث ملزم کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بھرپور کارروائیوں کا سلسلہ جاری (بقیہ نمبر 6)

آئی جی اسلام آباد ناصر رضوی کا مختلف ناکہ جات کا دورہ

ٹریفک سٹاف سے ملاقات ،افسران کو احکامات جاری کیے

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے اتوار کو بھی فیلڈ میں موجود، مختلف ناکہ جات کا دورہ کیا اور افسران کو احکامات جاری کیے، ٹریفک سٹاف سے ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی کو بحال رکھنے اور شہریوں سے خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایات جاری کیں، ڈیوٹی پر مامور افسران کے ساتھ گھل مل گئے ،بارش میں ٹریفک (بقیہ نمبر 7)

لاہور: سی سی پی او لاہور بلال صدیق کمیانہ شہید سب انسپکٹر محمد ارشد کے جسد خاکی پر پھول چڑھانے کے بعد سلامی پیش کر رہے ہیں

گوجرخان پیشہ ور بھکاریوں کیساتھ ساتھ خوبرو حسیناؤں نے ڈیرے جما لیے

دوسرے شہروں سے روزانہ آنے والی لڑکیوں نے دوکانداروں اور راہ گیروں کا جینا محال

سماجی حلقوں کا راولپنڈی پولیس انتظامیہ سمیت نوتعینات SHO سے نوٹس لینے کا مطالبہ

گوجرخان (قمر شہزاد) گوجرخان شہر بھکاریوں کی محفوظ پناہ بن گیا رہتی کسر دوسرے شہروں سے روزانہ آنے والی خوبرو حسینوں نے نکال دی جو گاڑیاں بک کروا کر آتی ہیں اور رات گے تک شہر میں موجود رہتی ہیں اور بھیک مانگنے کیساتھ ساتھ نوعمر لڑکوں کو اپنی طرف مائل کر کے انکی بے راہ روی کا موجب بننے لگیں بھکاریوں کے خلاف متعدد بار کمپین چلانے کے باوجود سابق ایس ایچ او تھانہ گوجرخان کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی جس بنا پر لڑکیوں نے بھی یہاں ڈیرے ڈالنے شروع کر دیے جس بنا پر شہری سخت اذیت کا شکار تاجر رہنماؤں اور شہریوں نے اپنے تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گوجرخان انتظامیہ (بقیہ نمبر 8)

آئس اسمگلنگ میں ملوث گروہ کا اہم رکن رنگے ہاتھوں گرفتار

ایک کلوگرام سے زائد آئس اور چرس برآمد، مقدمات درج کرلئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے آئس اسمگلنگ میں ملوث گروہ کے اہم رکن کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے ایک کلوگرام سے زائد آئس اور چرس برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کی مہم "نشہ اب نہیں" کے تحت وفاقی دارلحکومت میں منشیات فروشی میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس انسداد رابری اور ڈکیتی یونٹ پولیس نے موثر کارروائی (بقیہ نمبر 9)

لاہور: سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق پارٹی رہنما سید توصیف شاہ سے ان کی والدہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کے بعد فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

آئی جی اسلام آباد شہریوں کی خدمت کیلئے ایک اور اہم قدم

ایس ایچ اوز کو روزانہ شام 4 سے 6 بجے تک تھانے میں موجودگی احکامات جاری

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کی خدمت کیلئے ایک اور اہم قدم، تمام ایس ایچ اوز کو روزانہ شام 4 سے 6 بجے تک تھانے میں موجودگی کو یقینی بنانے کے احکامات جاری کئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد کے شہریوں کی خدمت اور انکے مسائل کے بہترین اور ترجیحی بنیادوں پر حل کو یقینی بنانے کیلئے ایک اور اہم اقدام، آئی جی اسلام آباد نے اسلام آباد پولیس کے تمام تھانہ جات (بقیہ نمبر 10)

محترم دوست قیس محمود کوان کی شادی پے صحافی احمد ضمیر، تحسین نواز اور راجہ محمد حمزہ مبارکباد دیتے ہوئے

آئی جی اسلام آباد کی ٹریفک پولیس کے افسران سے ملاقات

ٹریفک کی روانی اور قوانین پر عملدرآمد بارے بریفنگ دی

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے فیلڈ میں موجود اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران سے ملاقات کی اور ٹریفک کی روانی اور قوانین پر عملدرآمد کے حوالے سے بریفنگ دی۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے رات گئے فیلڈ میں موجود اسلام آباد ٹریفک پولیس کے افسران سے ملاقات کی اور انہیں ٹریفک کی روانی اور ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کے حوالے (بقیہ نمبر 11)

ریٹائرڈ ملازمین کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد

تقریب کے مہمان خصوصی ایس پی، جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان تھے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے افسران کے اعزاز میں سکیورٹی ڈویژن کے دفتر میں پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، تقریب کے مہمان خصوصی ایس پی، جوڈیشل پروٹیکشن یونٹ اقبال خان تھے، مہمان خصوصی نے ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی خدمات کو سراہا اور (بقیہ نمبر 12)

اسلامی ترقیاتی بینک کے صدر ڈاکٹر محمد سلیمان الجاسر کی وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے ملاقات

راولپنڈی، ریس کورس پولیس کی کارروائی، چوری میں ملوث ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے مسروقہ رقم 21 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ریس کورس پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزم نعمان مجید کو گرفتار کرلیا، ملزم سے مسروقہ رقم 21 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال (بقیہ نمبر 14)

قبضہ سے 4 کلو سے زائد چرس اور 100 گرام آئس برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 5 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 4 کلو سے زائد چرس اور 100 گرام آئس برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق صدر واہ پولیس نے ملزم شیراز سے 1 کلو 250 گرام چرس، ملزم محسن سے 1 کلو 560 گرام چرس، ٹیکسلا پولیس نے ملزم عثمان سے 520 گرام چرس، پیرودھائی پولیس نے (بقیہ نمبر 15)

منشیات فروشی میں میں ملوث غیرملکی سمیت تین ملزمان گرفتار

نشہ آور گولیاں اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا ، مقدمات درج

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ شالیمار پولیس نے منشیات وشراب فروشی میں میں ملوث ایک غیرملکی سمیت تین ملزمان کو رنگے ہاتھوں گرفتار کر کے بھاری مقدار میں ملکی و غیرملکی شراب، نشہ آور گولیاں اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مہم "نشہ اب نہیں" کے تحت وفاقی دارلحکومت میں منشیات وشراب فروشی میں ملوث ملزمان کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد پولیس تھانہ شالیمار ٹیم نے موثر کارروائی کرتے ہوئے تکنیکی اور انسانی ذرائع کی مدد سے منشیات (بقیہ نمبر 16)

حکومت کا چینی برآمد کرنیکی اجازت نہ دینے کا فیصلہ

حکومت کا چینی برآمد کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ، لاہور شوگر ملز مالکان نے برآمد کی صورت میں قیمت نہ بڑھنے کی یقین دہانی کرادی

گورنر سندھ کامران ٹیسوری کی ہدایت پر راشن کی تقسیم کے لیے شہ میں رجسٹریشن کرارہے ہیں

لاہور (اے ایف بی) حکومت نے چینی برآمد کی اجازت نہ دینے کا فیصلہ کرلیا۔ ذرائع وزارت خوراک کا کہنا تھا کہ لاہور شوگر ملز مالکان نے برآمد کی صورت میں قیمت نہ بڑھنے کی یقین دہانی کرادی، حکومت نے متعلقہ ایسوسی ایشن سے تحریری یقین دہانی مانگی تھی، ذرائع برآمد کی اجازت کی سمری کی خبروں پر بازار میں چینی کی قیمت بڑھنا شروع ہوجاتی ہے۔ اگر برآمد کی سمری منظور ہوئی تو چینی کی قیمت 25 روپے تک بڑھ سکتی ہے، متعلقہ اداروں نے پیشگی حکومت کو آگاہ کردیا۔ واضح رہے شوگر ملز ایسوسی ایشن کی چینی مہنگی کرنے کے عندیہ کے بعد چینی برآمد کی سمری کو فی الحال روک دیا گیا ہے۔

اسلام آباد، 31 پیشہ ور بھکاریوں گرفتار کرلئے گئے

پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن شروع کردیا

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری کرتے ہوئے 31 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس (بقیہ نمبر 17)

سب انسپکٹر محمد رمضان کی نماز جنازہ پولیس لائن ہیڈکوارٹرز میں ادا

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس کے سب انسپکٹر محمد رمضان اپنے خالق حقیقی سے جا ملے جن کی نماز جنازہ پولیس لائن ہیڈکوارٹرز میں ادا کر دی گئی، نماز جنازہ میں آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی ،سینئر پولیس افسران سمیت بڑی تعداد میں پولیس ملازمین نے شرکت کی، آئی جی اسلام آباد نے مرحوم کے لواحقین کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد پولیس کے سب انسپکٹر محمد رمضان اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔

میرے بے گناہ خاوند کو ناجائز حراست میں رکھا گیا

برٹش ہائی کمیشن معاملے کا نوٹس لے اور ہمیں انصاف فراہم کرے، رضوانہ احمد

اسلام آباد (این این آئی) میرپور آزاد کشمیر کی رہائشی خاتون اور مولانا اعجاز قادری کی اہلیہ رضوانہ احمد نے آزاد کشمیر کے سابق وزیر ٹرانسپورٹ وسیاحت محمد طاہر کھوکھر کے ہمراہ نیشنل پریس کلب اسلام آباد میں ہنگامی پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کے بے گناہ خاوند کو ناجائز حراست میں رکھا گیا ہے، برٹش ہائی کمیشن معاملے کا نوٹس (بقیہ نمبر 18)

راولپنڈی، آتش بازی کا سامان سمگل کرنیوالا ملزم گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) گوجرخان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان سمگل کرنے والے ملزم کو گرفتار کر کے بھاری مقدار میں سامان آتش بازی برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق گوجر خان پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے آتش بازی کا سامان سمگل کرنے والے ملزم محمد ارشد کو گرفتار کرلیا، ملزم سے پھول جڑی 8580، جہاز چرخی 51840، گولہ سٹک 2160، ہوائیاں 7500، شوٹر کیک 120 اور انار 360 برآمد ہوئے۔

داؤد انجینئرنگ یونیورسٹی کی نئی سائٹ کے حوالے سے گلبرگ ٹاؤن کے ساتھ مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویز کا تبادلہ کیا جا رہا ہے

پنجاب حکومت کا لیبارٹریز کو سدھارنے کیلئے بڑا فیصلہ

ٹیچنگ ہسپتالوں کی پتھالوجی لیبز کی اپ گریڈیشن کیلئے 16 رکنی کمیٹی قائم کردی گئی۔ پرنسپل سمز پروفیسر زہرہ خانم کمیٹی کی سربراہ مقرر ہوگئیں

ایڈیشنل سیکرٹریز ٹیکنیکل اور پروکیورمنٹ سپیشلائزڈ ہیلتھ، سی ای او پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی بھی کمیٹی میں شامل ہیں

لاہور (این ای این) پنجاب حکومت نے ٹیچنگ ہسپتالوں میں پتھالوجی لیبارٹریز کی حالت سدھارنے کا فیصلہ کرلیا۔ ٹیچنگ ہسپتالوں کی پتھالوجی لیبز کی اپ گریڈیشن کیلئے 16 رکنی کمیٹی قائم کردی گئی۔ پرنسپل سمز پروفیسر زہرہ خانم کمیٹی کی سربراہ مقرر ہوگئیں۔ ایڈیشنل سیکرٹریز ٹیکنیکل اور پروکیورمنٹ سپیشلائزڈ ہیلتھ، سی ای او پنجاب ہیلتھ انیشی ایٹو مینجمنٹ کمپنی بھی کمیٹی میں شامل ہیں۔ پ روفیسر امبرین حامد ، پروفیسر منیزہ ناطق، پروفیسر صائمہ فرحان ، پروفیسر سیما مظہر، پروفیسر حمیرا رفیق ، ڈاکٹر نازش ثقلین ، ڈاکٹر اسما منیر بھی کمیٹی میں شامل (بقیہ نمبر 19)

راولپنڈی، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات

راولپنڈی پولیس کے 432 افسران نے سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے موثر انتظامات کئے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کیلئے راولپنڈی پولیس کے 432 افسران نے سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کیا۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس کی جانب سے گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے موثر انتظامات کیے گئے، گرجا گھروں کی سیکورٹی کے لیے راولپنڈی پولیس کے 432 افسران نے سیکیورٹی کے فرائض سرانجام دیئے، سینئر پولیس افسران ڈیوٹی پر مامور افسران کو چیک اور ڈیوٹی کے متعلق بریف کریں گے، ایس ایس پی (بقیہ نمبر 20)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website Price: 6000/-
Call / Whatsapp 0309-7900035

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

فوری ضرورت
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے
نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں
خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔
0312-7786354
www.awamilalkaar.com